Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 پیر 04 ستمبر 2023ء، 17 صفر المظفر 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 127

نگران حکومت نے بجلی بلوں پر ریلیف دینے کا پلان بنالیا، 3 سو یونٹ استعمال کرنے والوں کو 3 ہزار روپے کا ریلیف دیا جائے گا

نگران حکومت کا 3 سو یونٹ استعمال کرنے والوں کو 3 ہزار روپے ریلیف دینے کا پلان تیار

نگران حکومت نے ریلیف پلان آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کردیا، ذرائع کے مطابق حکومت کو آئی ایم ایف کی جانب سے گرین سگنل کا انتظار ہے

ذرائع کے مطابق ستمبر میں تین سو یونٹ بجلی استعمال کرنے والے صارفین کے بلوں میں تین ہزار روپے کمی ہوگی، 60 سے 70 ہزار روپے بل والوں کو 13 ہزار روپے کا ریلیف ملے گا

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر) نگران حکومت نے بجلی بلوں پر ریلیف دینے کا پلان بنالیا، 3 سو یونٹ استعمال کرنے والوں کو 3 ہزار روپے کا ریلیف دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ستمبر میں تین سو یونٹ بجلی استعمال کرنے والے صارفین کے بلوں میں تین ہزار روپے کی ہوگی، 60 سے 70ہزار روپے بل والوں کو 13ہزار روپے کا ریلیف ملے گا، نگران حکومت نے ریلیف پلان آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کردیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت کو آئی ایم ایف کی جانب سے گرین سگنل کا انتظار ہے۔ نگران حکومت نے بجلی بلوں پر ریلیف دینے کا پلان بنالیا، 3 سو یونٹ استعمال کرنے والوں کو 3 ہزار روپے کا ریلیف دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ستمبر میں تین سو یونٹ بجلی استعمال کرنے والے صارفین کے بلوں میں تین ہزار روپے کی ہوگی، 60 سے 70ہزار روپے بل والوں کو 13 ہزار روپے کا ریلیف ملے گا، نگران حکومت نے ریلیف پلان آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کردیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت کو آئی ایم ایف کی جانب سے گرین سگنل کا انتظار ہے۔ نگران حکومت نے بجلی بلوں پر ریلیف دینے کا پلان بنالیا، 3 سو یونٹ استعمال کرنے والوں کو 3 ہزار روپے کا ریلیف دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ستمبر میں تین سو یونٹ بجلی استعمال کرنے والے صارفین کے بلوں میں تین ہزار روپے کی ہوگی، 60 سے 70ہزار روپے بل والوں کو 13 ہزار روپے کا ریلیف ملے گا، نگران حکومت نے (بقیہ نمبر 1)

شفاف الیکشن کروائیں گے، سیاسی دباؤ قبول نہیں کرینگے، نگران وزیر داخلہ سندھ

کراچی اور اندرون سندھ میں بڑی کارروائیوں کی تیاری کر رہے ہیں، آج کل میں نئے افسران آجائیں گے، حارث نواز

ٹھٹھہ(سٹاف رپورٹر) نگران وزیر داخلہ سندھ حارث رف نے کہا ہے کہ ہم صاف اور شفاف الیکشن کروائیں گے، ہمارے اوپر کسی قسم کا دبا نہیں ہے۔ ٹھٹھہ میں مکلی بائی پاس پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نگران وزیر داخلہ سندھ حارث نواز نے کہا کہ کراچی اور اندرون (بقیہ نمبر4)

نگران وفاقی وزیر اطلاعات کی گلگت بلتستان میں پاک فوج کی تعیناتی کی تردید

دوسری جانب محکمہ داخلہ گلگت بلتستان کا کہنا ہے کہ گلگت بلتستان میں صورتحال مکمل طور پر پرامن ہے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی نے گلگت بلتستان میں پاک فوج کی تعیناتی کی تردید کردی۔ اپنے ایک بیان میں مرتضی سولنگی کا کہنا ہے کہ گلگت بلتستان میں پاک فوج کی تعیناتی سے متعلق خبریں بے بنیاد ہیں، پاک فوج کی خدمات (بقیہ نمبر3)

پاکستان کو مودی کا ہندوستان نہیں بننے دینگے، نگران وزیر مذہبی امور

آج ملک کے حالات پریشان کن ہیں، ہمیں بہت سارے چیلنجز کا سامنا ہے، ہمیں ثقافتی مسائل درپیش ہیں

کراچی(نامہ نگار) نگران وفاقی وزیر برائے مذہبی امور انیق احمد نے کہا ہے کہ کچھ لوگ پاکستان کا خوبصورت چہرہ تباہ کرنا چاہتے ہیں، لیکن ہم خوبصورت ریاست پاکستان کو مودی کا ہندوستان نہیں بننے دیں گے۔ جامعہ بنوریہ کراچی میں تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 2)

اس طرح کی ہلڑبازی کسی طرز حکومت میں قابل قبول نہیں، لیکن ایسا تاثر نہیں دینا چاہتے کہ 9 مئی کے ملزمان کے خلاف انتقامی کارروائی ہورہی ہے، نوارالحق کاکڑ

9 مئی کو خانہ جنگی کی کوشش کا ہدف آرمی چیف اور ان کی ٹیم تھی، نگران وزیر اعظم

پتھر مارنے، گالیاں دینے اور عمارتیں جلانے کا حق کسی سیاسی جماعت کو نہیں، 9 مئی کو ہونے والی توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کو دُنیا بھر نے دیکھا، نگران وزیر اعظم

نگران وزیراعظم نے کہا کہ اس طبقے سے بہت ہمدردی ہے جس پر بجلی بلوں کا بہت بوجھ ہے، رات کو دکانیں جلد بند کرنے کے حوالے سے فیصلہ صوبوں کو اعتماد میں لے کر کریں گے

پاک بھارت تجارت کے حوالے سے حتمی فیصلہ بھارتی سیاستدانوں کو کرنا ہے۔ علاوہ ازیں نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ سے نگران وزیر اطلاعات ونشریات مرتضیٰ سولنگی نے ملاقات کی

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے 9 مئی کو خانہ جنگی کی کوشش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کا ہدف آرمی چیف اور ان کی ٹیم تھی۔ گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پتھر مارنے، گالیاں دینے اور عمارتیں جلانے کا حق کسی سیاسی جماعت کو نہیں، 9 مئی کو ہونے والی توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کو دُنیا بھر نے دیکھا، عالمی اخبارات نے اس سانحے کو رپورٹ کیا، اس طرح کی ہلڑبازی کسی طرز حکومت میں قابل قبول نہیں ہے، ایسا تاثر نہیں دینا چاہتے کہ 9م ئی کے ملزمان کے(بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بجلی کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف احتجاج، ہنگامہ آرائی میں ملوث 8 افراد گرفتار

کراچی (نیوز رپورٹر) بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف جماعت اسلامی کے احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ کا مقدمہ شاہ لطیف تھانے میں درج کرلیا گیا۔ مقدمے میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ روز رکشہ (بقیہ نمبر 6)

مہنگائی نے عوام کو چاروں شانے چت کردیا ہے، غلام علی خان، سعید راجہ

ڈاکٹر طاہر القادری کا نظریہ سر چڑھ کر بول رہا ہے، مصطفوی معاشرے کا قیام وقت کی ضرورت بن چکا

راولپنڈی(عبدالرحمان سے) پاکستان عوامی تحریک راولپنڈی کے صدر غلام علی خان، جنرل سیکرٹری سعید راجہ نے کہا ہے کہ مہنگائی نے عوام کو چاروں شانے چت کردیا ہے، ملکی معیشت کریش ہوچکی ہے، پٹرول اور ڈالر کا مقابلہ جاری ہے۔ آئے روز پٹرول اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کیا جارہا ہے، عوام کا(بقیہ نمبر7)

PTI چیئرمین کو پاکستان کی عالمی بدنامی کیلئے استعمال کیا جارہا ہے، رانا ثناء اللہ

اپنے ایک بیان میں رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ عدالتی نظام کے "لاڈلے " کو باہر جانے کی کیا ضرورت؟

دہشت گردوں کو پاکستان واپس لانے، رہا کرانے اور آباد کرانے والے اب دہشت گردوں کو نیا راستہ دکھا رہے ہیں

اسلام آباد(خبرنگار) پاکستان مسلم لیگ)ن(پنجاب کے صدر اور سابق وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو پاکستان کی عالمی بدنامی کیلئے استعمال کیا جارہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ عدالتی نظام کے "لاڈلے " کو باہر جانے کی کیا ضرورت ؟(بقیہ نمبر 8)

صیہونی اور بین الاقوامی لابیاں چیئرمین PTI کو اسپانسر کررہی ہیں، خواجہ آصف

سابق وفاقی وزیر خواجہ آصف نے کہا ہے کہ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف پاکستان دشمن طاقتوں کے آلہ کار ہیں

پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان سمیت پارٹی رہنماؤں پر کیس کیے گئے ہیں جو پاکستانی عدالتوں میں زیر سماعت ہیں

اسلام آباد(خبرنگار) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ آصف نے کہا ہے کہ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف پاکستان دشمن طاقتوں کے آلہ کار ہیں۔ ایک انٹرویو میں مسلم لیگ (ن) کے رہنما خواجہ آصف نے کہا کہ وہ شخص جس نے ایک ملعون کا کیس لڑا اسے عمران خان نے وکیل (بقیہ نمبر13)

اسلام آباد: نگران حکومت کا 3 سو یونٹ استعمال کرنے والوں کو 3 ہزار روپے ریلیف دینے کا پلان تیار

محکمہ موسمیات نے مختلف اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی کردی

ملک کے میدانی علاقوں میں آج موسم گرم اور مرطوب رہے گا، محکمہ موسمیات

لاہور(جنرل رپورٹر) محکمہ موسمیات نے مختلف اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی کی ہے، جب کہ یہ بھی بتایا ہے کہ پنجاب اور خیبر پختون خوا کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور مرطوب رہے گا(بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: دہشتگردی میں مالی معاونت کے مقدمات، سی ٹی ڈی میں خصوصی انویسٹی گیشن سیل قائم

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 04 ملزمان گرفتار، کلرسیداں پولیس

متعدد وارداتوں کے انکشاف پر ملزمان کو شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا گیا

راولپنڈی(سٹاف رپورٹر) کلرسیداں پولیس کی کارروائی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 04 ملزمان گرفتار، وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق کلرسیداں (بقیہ نمبر15)

وزیر اعلیٰ پنجاب نے کسانوں کیلئے خصوصی پیکیج کی سفارشات طلب کر لیں

سیکرٹریز زراعت، لائیوسٹاک، آبپاشی، خزانہ اور پنجاب بینک کے حکام پر مشتمل ٹیم پیکیج کیلئے سفارشات تیار کرے گی

ماڈل زرعی مارکیٹ میں کسانوں کیلئے پیسٹی سائیڈز، زرعی آلات، کھاد اور بیج میسر ہوں گے

لاہور(نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے کسانوں کے لئے خصوصی پیکیج کے حوالے سے جامع سفارشات طلب کرلیں۔ وزیراعلی پنجاب کی ہدایت پر کسانوں کیلئے خصوصی پیکیج تیار کیا جائے گا، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، سیکرٹریز زراعت، لائیوسٹاک، آبپاشی، خزانہ اور پنجاب بینک کے حکام پر مشتمل ٹیم پیکیج کیلئے سفارشات تیار کرے گی۔ پیکیج کے تحت ہر ڈویژن میں ماڈل زرعی مارکیٹ کے قیام کیلئے بھی پائیدار پلان طلب کیا گیا ہے، ماڈل زرعی مارکیٹ میں کسانوں کیلئے پیسٹی سائیڈز، زرعی آلات، کھاد اور بیج میسر ہوں گے۔ نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے کسانوں کے لئے خصوصی پیکیج کے حوالے سے جامع سفارشات طلب کرلیں۔ وزیراعلی پنجاب کی ہدایت پر کسانوں کیلئے خصوصی پیکیج تیار کیا جائے گا، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ (بقیہ نمبر12)

لاہور: نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بہاولنگر میں سیلابی ریلے نے تباہی مچادی، ایک لاکھ 66 ہزار سے زائد افراد بے گھر

بہاولنگر (نیوز رپورٹر) بہاولنگر میں سیلابی ریلے نے تباہی مچادی، جس کے نتیجے میں ایک لاکھ 66 ہزار سے زائد افراد بے گھر ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دریائے ستلج میں بھوکاں پتن کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے، ہیڈ سلیمانکی کے مقام پر پانی کی آمد 40ہزار389 کیوسک ہوچکی ہے(بقیہ نمبر16)

مظفرآباد میں کار دریائے نیلم میں گرنے سے ایک ہی خاندان کے 4 افراد جاں بحق

مظفر آباد (سٹاف رپورٹر) آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد کے نواحی علاقے ٹھکہ چھون کے مقام پر حادثے کا شکار ہونے والی کار دریائے نیلم میں گرگئی۔ تفصیلات کے مطابق یہ افسوسناک حادثہ اس وقت پیش آیا جب مظفرآباد سے جھینگ گاؤں جانے والی کار رات کے وقت شدید بارش کے دوران پھسلن کے باعث سینکڑوں فٹ نیچے دریائے نیلم میں جاگری، جس کے نتیجے میں ایک ہی خاندان (بقیہ نمبر11)

ایس ایچ او تھانہ آرے بازار ہمراہ ٹیم قمار بازوں کے خلاف کمربستہ

مغل آباد میں جوئے کی بازی الٹ دی، داؤ پر لگی رقم برآمد، ملزمان گرفتار

راولپنڈی(عبدالرحمان سے) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ آرے بازار چوہدری ذوالفقار ہمراہ ٹیم قمار بازوں کے خلاف کمربستہ 9جواری گرفتار دا پر لگی رقم اور آلات جو(بقیہ نمبر 9)

ن لیگ کی چیف آرگنائزر مریم نواز سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی ملاقات

ملاقات میں تجارت، استحکام سمیت باہمی تعاون کے فروغ کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا

مری(نامہ نگار) مسلم لیگ)ن(کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز شریف سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے ملاقات کی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان میں امریکہ کے سفیر ڈونلڈ بلوم نے رہنمان لیگ مریم نواز شریف سے اتوار کے روز مری میں ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات (بقیہ نمبر 10)

جماعت اسلامی کا بجلی بلوں کیخلاف چاروں گورنر ہاؤسز کے باہر دھرنے دینے کا اعلان

24 کروڑ پاکستانی آئی پی پیز کے غلط معاہدوں کی وجہ سے بجلی کا بل ادا کریں گے، امیر جماعت اسلامی

میٹر ریڈر کسی بنگلے، جاگیردار یا سرمایہ کار کے دروازے پر دستخط نہیں دے سکتا، غریب اور مظلوم لاوارث نہیں، سراج الحق

لاہور(اسپیشل رپورٹر) امیر جماعت اسلامی نے کہا بجلی بلوں کی وجہ سے لوگوں کے رنگ زرد پڑ گئے، فیصلہ کیا ہم چاروں گورنر ہاؤسز کے باہر دھرنے دیں گے اور احتجاج کریں گے۔ سراج الحق نے کہا ملک میں سانس لینا مشکل ہوگیا، خدشہ ہے سانس لینے پر ٹیکس نہ لگ جائے، 24 کروڑ پاکستانی(بقیہ نمبر20)

حیدرآباد: جماعت اسلامی خواتین ونگ کا مہنگائی کے خلاف شدید احتجاج، تصویری مناظر

صوبہ بھر میں انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو سیکنڈ اینول امتحان 20 اکتوبر سے شروع ہوں گے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد، سرگودھا، گوجرانوالہ، ساہیوال، ملتان، بہاولپور، ڈی جی خان، راولپنڈی اور لاہور سمیت تمام(بقیہ نمبر 19)

نواز شریف کی وطن واپسی پر استقبال کیلئے تیاریوں کا آغاز

سابق وزیراعظم کی لندن سے واپسی سے قبل لاہور کے تمام حلقوں میں کونشن ہوں گے

لاہور(نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کی جانب سے پارٹی قائد نواز شریف کی لندن سے وطن واپسی پر استقبال کیلئے تیاریوں کا آغاز کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق قائد مسلم لیگ ن میاں نواز شریف کی واپسی کی تیاریاں شروع ہوچکی ہیں، صدر مسلم لیگ ن لاہور سیف الملوک کھوکھر اپنے پارٹی قائد کے استقبال کو کامیاب بنانے کے لئے متحرک ہوچکے ہیں، اس سلسلے میں سیف الملوک کھوکھر کی جانب سے ٹھوکر نیاز بیگ پر پنجاب اسمبلی کے حلقہ پی پی166 کے زیراہتمام جلسے کا انعقاد کیا گیا، کوآرڈینیٹر پی پی پی 166 سید علی سرور گیلانی اس جلسے کے میزبان تھے، جس میں مسلم لیگ (بقیہ نمبر18)

الیکشن مؤخر ہونے پر احتجاج میں عمران خان کیساتھ کھڑے ہوسکتے ہیں، عطا تارڑ

اگر انتخابات موخر ہوئے تو مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی ایک ٹرک پر ہوں گی، مسلم لیگ ن کے رہنما کی گفتگو

الیکشن کمیشن نے نئی حلقہ بندیوں کا دورانیہ بھی کم کردیا ہے، الیکشن کمیشن نے حلقہ بندیاں 30 نومبر تک مکمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے

لاہور(نامہ نگار) مسلم لیگ ن کے رہنما عطا تارڑ نے کہا ہے کہ الیکشن مؤخر ہوئے تو احتجاج کے لیے چیئرمین پی ٹی آئی کے ساتھ بھی کھڑے ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یقین ہے الیکشن آئندہ سال فروری تک ہو جائیں گے، تاہم اگر انتخابات موخر ہوئے تو مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی ایک (بقیہ نمبر 17)

بجلی کے بلوں میں ہوش ربا اضافے کی وجوہات سامنے آگئیں

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) بجلی کے بلوں میں حالیہ ہوش ربا اضافے کی وجوہات سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) معاہدے کے تحت بجلی ٹیرف کم جولائی سے بڑھنا تھا مگر نیپرا اور پاور ڈویژن کی جانب (بقیہ نمبر24)

گٹروں کے ڈھکن میں چوری نہیں کرتا، میئر کراچی

گٹر میں بچوں کے گرنے کی واقعات پر افسوس ہے، میئر کراچی مرتضی وہاب

نعرے اور بینرز لگانے سے مسائل حل نہیں ہوں گے آئیں ہمارے ساتھ بیٹھ کر ایسے واقعات کی روک تھام کریں

کراچی(اسپیشل رپورٹر) میئر کراچی نے شہر میں کھلے گٹروں میں بچوں کے گرنے سے ہلاکتوں کے متعدد واقعات پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ مرتضی وہاب نے لیاری میں یوم دفاع پاکستان گرلز سائیکل پریڈ کی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہر میں گٹر میں بچوں کی گرنے کے واقعات قابل افسوس ہیں، ان واقعات کا الزام میئر کراچی یا کسی یوسی چیئرمین پر آتا ہے، کہ ہم اپنا کام نہیں کررہے ہیں۔ میئر کراچی کے طور پر ان مسائل کو حل کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرتضی وہاب تو گٹروں کا ڈھکن چوری نہیں کرتا، کچھ شرپسند عناصر اور نشئی (بقیہ نمبر 25)

بہاولپور میں واقع زمیندارہ بند ٹوٹ گیا، کئی دیہاتوں کا آپس میں رابطہ منقطع ہوگیا

رحیم یار خان میں کچے کے علاقے میں سیلابی پانی متعدد بستیوں میں داخل ہوگیا

بہاولپور/رحیم یار خان (جنرل رپورٹر) بہاولپور میں واقع زمیندارہ بند ٹوٹ گیا جس کے نتیجے میں متعدد علاقے زیر آب آگئے۔ رحیم یار خان کے علاقے لیاقت پور میں کچے کے علاقے غفور آباد میں سیلابی پانی 3 بستیوں میں داخل ہوگیا۔ علاقہ مکینوں کے مطابق غفور آباد کے اردگرد کے علاقوں کا زمینی رابطہ منقطع ہو گیا جس سے شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ متاثرہ علاقے میں محکمہ لائیو سٹاک کی(بقیہ نمبر 23)

ڈیرہ اسماعیل خان، گھر کی بوسیدہ دیوار گرنے سے تین بچے دب کر زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان (نیوز رپورٹر) کڑی خیسور کے گاؤں خانوخیل شمالی میں محمد رفیق ولد جمعہ خان نامی شخص کے گھر کی بوسیدہ دیوار گرنے سے تین بچے دیوار کے نیچے دب کر زخمی ہوگئے۔ کڑی خیسور کے گاؤں خانوخیل شالی میں محمد رفیق ولد(بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی

09 ملزمان گرفتار، اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی(نیوز رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی، 09 ملزمان گرفتار، اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 21)

غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی اور یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

یہ شراکت داری صنعت کے انضمام اور جدت کو فروغ دیتے ہوئے فنی تعلیم کے معیار اور مطابقت کو بڑھانا چاہتی ہے

اس اتحاد کا بنیادی مقصد صنعتی تقاضوں کے مطابق اعلی ہنرمند انسانی وسائل پیدا کر کے شریک اداروں کو عالمی پہچان کی طرف بڑھانا ہے

اسلام آباد: نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH)، غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (GIKI) اور NED یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نے مفاہمت کی ایک یادداشت (MOU) پر دستخط ہورہے ہیں

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH)، غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (GIKI) اور NEDیونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نے مفاہمت کی ایک یادداشت (MOU) پر دستخط۔ ٹیکنالوجی کی تعلیم کو تبدیل کرنے کے لیے ایک تاریخی اقدام میں، نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH)، غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (GIKI) اور NED یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نے مفاہمت کی ایک یادداشت (MOU) پر دستخط کیے ہیں۔ یہ شراکت داری صنعت کے(بقیہ نمبر 30)

شہر بھر کے مسائل پر مکمل نظر ہے شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے

شعبہ تجاوزات کو سختی سے تنبیہ تجاوزات مافیا کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر آپریشن کے احکامات

تمام مسائل کے حل کے لیے پلان مرتب کر کے ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں اے سی میاں مراد

گوجرخان(قمر شہزاد) اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکوکارہ نے شہر کے مسائل کے حل کرنے کا پلان مرتب کرلیا نالہ نیم کو شہر بھر کے نالوں کی صفائی روزانہ کی بنیاد پر کرنے کی ہدایات جاری شہر بھر میں واٹر سپلائی کے پانی کی ترسیل کے نظام کو مزید بہتر کیا جا رہا ہے سٹریٹ لائٹ کی (بقیہ نمبر 28)

انصاف کیلئے پرامن جدوجہد کرنے والے کارکن ہمیشہ یاد رہیں گے خرم نواز گنڈاپور

عدم برداشت سے امن، ترقی اور اتحاد و یکجہتی کو نقصان پہنچ رہا

شیخ الاسلام ڈاکٹر طاہر القادری نے کارکنوں کو قانون کا احترام سکھایا، سیکرٹری جنرل

راولپنڈی(عبدالرحمان سے) پاکستان عوامی تحریک کے سیکرٹری جنرل خرم نواز گنڈاپور نے کہا ہے 30 اور 31 اگست 2014 کی شب پاکستان عوامی تحریک کے کارکنان نے اسلام آباد میں قانون کی حکمرانی اور انصاف کے بول بالا کے لئے آواز اٹھائی اور اس وقت کے حکمرانوں کے ظلم و بربریت کا سامنا کیا، انصاف کے لئے جدوجہد کرنے والے کارکن ہمیشہ یاد رہیں گے۔ اسلام آباد میڈیا سیل سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کے مطابق انھوں نے کہا کہ عوامی تحریک کے کارکنوں نے (بقیہ نمبر 29)

پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران ڈینگی کے 70 نئے کیسز رپورٹ

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران ڈینگی کے 70 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ صوبائی سیکرٹری صحت کے مطابق رواں سال پنجاب کے 36 اضلاع میں ڈینگی کے کل کیسز کی تعداد 1415 ہوگئی۔ انہوں نے بتایا کہ رواں سال لاہور میں ڈینگی کے 542 کنفرم مریض رپورٹ ہوئے۔ صوبائی سیکرٹری صحت نے (بقیہ نمبر 26)

قلات، فائرنگ سے لیویز اہلکار جاں بحق، اہلیہ زخمی، لاش اور زخمی آر ایچ سی منگچر منتقل، سرچ آپریشن جاری

قلات (جنرل رپورٹر) قلات میں منگچر کے علاقے جوہان میں فائرنگ سے لیویز اہلکار جاں بحق اور اہلیہ زخمی ہوگئی۔ لیویز نے بتایا کہ نامعلوم ملزمان نے لیویز اہلکار محمد حسن لہڑی کے گھر میں (بقیہ نمبر27)

03 ستمبر 1965 کے فضائی معرکے پر مبنی پاک فضائیہ کی مختصر دستاویزی فلم جاری

پاک فضائیہ کے شعبہ تعلقات عامہ نے ستمبر 1965 کی جنگ میں قوم کے بہادر سپوتوں کی جرات و شجاعت کو اجاگر کرنے کی غرض سے مختصر دستاویزی فلم جاری کر دی جس میں 03 ستمبر 1965 کے دن لڑے جانے والے فضائی معرکے کا احوال بیان کیا گیا ہے۔

ترجمان پاک فضائیہ

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

دریائے ستلج کے سیلاب متاثرین

دریائے ستلج میں آنے والے سیلاب سے اِس کے کناروں پر آباد سینکڑوں آبادیاں ڈوب چکی ہیں جبکہ 100 سے زائد کے زمینی راستے ابھی تک منقطع ہیں۔ خبروں کے مطابق سیلاب سے پنجاب کے آٹھ اضلاع قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، وہاڑی، لودھراں، ملتان، بہاولنگر اور بہاولپور شدید متاثر ہوئے ہیں، ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں زیرِ آب ہیں، سیلابی پانی مکانوں، سکولوں اور دیگر عمارتوں میں داخل ہو چکا ہے جبکہ بجلی کی سپلائی کا نظام بھی بری طرح متاثر ہوا ہے۔ صرف بہاولنگر میں پانی کے تیز بہاؤ کی وجہ سے متعدد حفاظتی بند اور سڑکیں ٹوٹ گئیں اور درجنوں آبادیاں پانی کی لپیٹ میں آ جانے سے ایک لاکھ سے زائد افراد متاثر ہوئے۔ ریسکیو ٹیمیں مقامی افراد کے ساتھ مل کر امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں، ہزاروں افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے، اِس کے باوجود متاثرین کی بڑی تعداد کھلے آسمان تلے حکومتی ریلیف کی منتظر ہے۔ متاثرہ اضلاع کی مقامی انتظامیہ متاثرین کو فلڈ ریلیف کیمپوں میں ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے تاہم نقل مکانی کرنے والے افراد شدید مشکلات سے دوچار ہیں، خوراک کی قلت ہے جبکہ جانوروں کے لیے چارہ بھی دستیاب نہیں۔ یاد رہے کہ بھارت کا دریائے ستلج میں چھوڑا گیا پانی کا بڑا ریلا 26 اگست کو گنڈا سنگھ والا میں داخل ہوا تھا، ہیڈ اسلام پر اونچے درجے کا سیلاب ہونے کی وجہ سے دریا کا پانی اِس کے کناروں پر واقع دیہاتوں میں داخل ہو گیا تھا جس سے ہزاروں ایکڑ فصلیں زیرِ آب آ گئی تھیں جبکہ درجنوں دیہات ڈوب جانے سے اِن کا زمینی راستہ منقطع ہو گیا تھا۔ دو روز بعد اس سیلابی ریلے نے جلالپور کا حفاظتی بند توڑا اور سیلابی پانی سینکڑوں ایکڑ رقبہ پر پھیل گیا۔ ریسکیو حکام نے اِس ریلے میں پھنسے افراد کو کشتیوں کے ذریعے منتقل کیا۔ اِسی ریلے نے احمد پور شرقیہ کے دریائی علاقوں میں بھی تباہی مچائی اور ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی پر کھڑی فصلیں تباہ کر دیں۔ ترجمان ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی پنجاب کا کہنا ہے کہ مون سون بارشیں 4 ستمبر تک جاری رہنے کا امکان ہے جس دوران تمام بڑے دریاں کے بالائی علاقوں میں موسلا دھار بارشیں متوقع ہیں۔ دریائے ستلج میں بڑا ریلا گزر جانے کے باوجود ابھی بھی اس میں لگ بھگ ایک لاکھ کیوسک پانی بہہ رہا ہے جو مزید بارشوں کی صورت میں کئی علاقوں کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے۔ جولائی کے پہلے ہفتے میں بھارت نے پاکستان کو متنبہ کیا تھا کہ راوی، بیاس اور ستلج پر اس کے ڈیم بھر گئے ہیں، مزید بارش کی صورت میں اضافی پانی چھوڑ دیا جائے گا۔ پہلا سیلابی ریلا 10 جولائی کو لگ بھگ ایک لاکھ کیوسک کی شکل میں آیا جس سے اونچے درجے کا سیلاب آیا تاہم اس سے بہت زیادہ نقصان نہیں ہوا۔ اگست تک بارشیں جاری رہنے اور ڈیموں سے پانی کا اخراج ہوتے رہنے سے دریا اتنا بلند ہوا کہ قریبی علاقے زیرِ آب آنے لگے۔ اگست کے تیسرے ہفتے پانی کی آمد دو لاکھ 78 ہزار کیوسک تک پہنچ گئی، اِس انتہائی اونچے درجے کے سیلاب نے دریا کے دونوں اطراف قریباً 15 کلومیٹر کے علاقے کو تالاب میں تبدیل کر دیا۔ تباہی مچانے کے بعد اگرچہ پانی کی غیر معمولی رفتار کم ہوئی ہے لیکن اس کا بہاؤ ابھی بھی ایک لاکھ کیوسک کے قریب ہے اور مزید بارشوں کی صورت دوبارہ بپھر سکتا ہے۔ اِس وقت گنڈا سنگھ والا اور پنجند بیراج کے درمیان 500 کلومیٹر کا فاصلہ ایک بہت بڑی آبی گزرگاہ بن چکا ہے جو انسانوں، فصلوں اور مویشیوں سے خالی ہے۔ متعلقہ حکام کی جانب سے وقت پر خطرے کی گھنٹی بجانے اور لوگوں کے ساتھ ساتھ ان کے جانوروں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے کی کوششوں سے ابھی تک کسی جانی، انسانی یا مویشیوں کے نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ یاد رہے کہ سندھ طاس معاہدے کے تحت ستلج کا پانی بھارت کے پاس ہے، معمول کے دِنوں میں انتہائی کم پانی آنے کے باعث لوگ تحفظ کے جھوٹے احساس میں مبتلا ہو گئے اور دریا کی زمینوں پر انفراسٹرکچر بناتے چلے گئے، ستلج میں گزشتہ 35 برس میں ایسے سیلاب کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ گزشتہ سال آنے والے تباہ کن سیلاب میں بھی زیادہ تر نقصان آبی گزرگاہوں میں انفراسٹرکچر کی تباہی کی صورت ہی سامنے آیا تھا، گھر، عمارتیں اور یہاں تک کے پورے کے پورے ہوٹل دریا برد ہونے کے مناظر دیکھنے میں آئے، ایک تہائی ملک پانی میں ڈوبنے سے تین کروڑ تیس لاکھ سے زائد پاکستانی متاثر ہوئے، اربوں ڈالر کا نقصان ہوا۔ ستلج بپھرنے سے متاثر ہونے والوں میں سے زیادہ تر وہی ہیں، جنہوں نے دریا کی گزرگاہ اور ممنوعہ علاقوں میں اپنے گھر اور دیگر رہائشی انفراسٹرکچر تعمیر کر رکھے تھے۔ متاثرہ علاقوں کے اردگرد پانی سے بچ جانے والی جگہوں پر بستیاں آباد ہیں جن میں متاثرین کو کھانے پینے کی قلت کے علاوہ بھی کئی مشکلات ہیں، ان کے پاس نہانے کے لیے پانی ہے اور نہ ہی کپڑے دھونے کا کوئی بندوبست ہے، جس سے اِن کی حالت غیر نظر آتی ہے، اِن کے پاس کوئی کام ہے نہ مصروفیت، متاثرین خالی آنکھوں سے اپنے اپنے علاقوں کو تکتے نظر آتے ہیں کہ کب سیلابی پانی خشک ہو اور وہ اپنے گھروں کو لوٹ کر معمول کی زندگی شروع کر سکیں۔ اِن میں سے زیادہ تر لوگ چند ہفتے قبل تک باوقار زندگی گزار رہے تھے لیکن اب وہ ریاست اور صاحب ثروت افراد کی مدد کے منتظر ہیں کہ کب وہ ان کی مدد کو آئیں۔ خبروں کے مطابق اِن علاقوں میں امدادی کام کرنے والے بتاتے ہیں کہ اِن میں سے زیادہ تر لوگوں کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوتا جا رہا ہے کیونکہ وہ اپنے آپ کو قید میں اور بے بس محسوس کر رہے ہیں۔ ابھی تو گزشتہ سال کے تباہ کن سیلاب کا نقصان بھی پورا نہیں ہوا، متاثرین کی بحالی کا کام مکمل نہیں ہو سکا کہ اب اِن آٹھ اضلاع کے لاکھوں سیلاب متاثرین کھلے آسمان تلے امداد کے منتظر ہیں۔ زیادہ تر متاثرین پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں جبکہ غذائی قلت اور رفع حاجت کا مناسب انتظام نہ ہونے کے سبب اسہال، سانس اور جلد کی انفیکشن، ہیپاٹائٹس اور وبائی امراض کے علاوہ نفسیاتی بیماریوں کا بھی شکار ہو رہے ہیں۔ ملکی معیشت کی حالت پہلے ہی دِگرگوں ہے، پنجاب کی نگران حکومت کو بھی مالی مشکلات کا سامنا ہے، اِس کے باوجود سیلاب متاثرین کو حالات کے رحم و کرم پر بھی نہیں چھوڑا جا سکتا۔ بہتر ہو گا۔

خوداحتسابی کی ضرورت

پرواز
راؤ محمد طاہر
raotahirisb@gmail.com

نگران وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر معاشی حالات کی جو تصویر کشی کر رہی ہیں وہ اقتدار کے سٹیک ہولڈرز اور عوام دونوں سے ڈھکی چھپی نہیں۔ پاکستان اس وقت تاریخ کے بدترین اقتصادی' معاشی اور سیاسی بحران سے گزر رہا ہے اور ان بحرانوں میں کمی کے بجائے مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ کسی بھی ملک کی معیشت کا مثبت سمت میں ہونے کیلئے ملکی کرنسی کی قدر میں استحکام، زرمبادلہ کے ذخائر، درآمدات و برآمدات میں توازن اور جاری کھاتے (کرنٹ اکاؤنٹ) کا سرپلس میں ہونا ضروری ہے۔

معاشی اصطلاح میں کرنٹ اکاؤنٹ یا جاری کھاتہ بنیادی طور پر کسی ملک کی آمدن اور اخراجات میں تفاوت کا نام ہے، اگر یہ فرق مثبت ہو یعنی آمدن زیادہ اور اخراجات کم ہوں تو یہ کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس جبکہ آمدن کم اور اخراجات زیادہ ہوں تو یہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کہلاتا ہے۔ عام فہم زبان میں یہ کہ اگر کوئی ملک اپنی مصنوعات برآمد کرنے سے زیادہ غیر ملکی سامان درآمد کرتا ہے تو اس کا تجارتی خسارہ زیادہ ہوگا۔ بدقسمتی سے پاکستانی معیشت ایسے کسی معاشی اشاریئے کے مثبت ہونے کا عندیہ نہیں دے رہی ہے۔ پاکستانی روپے کی قدر میں کوئی استحکام ہے، نہ ہماری درآمدات اور برآمدات میں کوئی توازن موجود ہے اور نہ ہی ہمارا کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس میں ہے۔

معیشت کو مستحکم بنیادیں فراہم کرنے کی دعویدار پی ڈی ایم حکومت مالی سال 2023 کے دوران 7.7 فیصد یعنی 65.2 کھرب روپے کا بڑا مالیاتی خسارہ پیچھے چھوڑ کر گئی ہے جبکہ رواں مالی سال کا بجٹ منظور کرتے ہوئے حکومت کی جانب سے مالیاتی خسارہ سات فیصد رہنے کا دعویٰ کیا گیا تھا۔ مالیاتی خسارے میں اس ہوشربا اضافے کی متعدد وجوہات میں وفاقی اخراجات میں بے تحاشا اضافہ' ٹیکس وصولی میں کمی اور حکومت کی قرض در قرض پر مبنی معاشی پالیسیاں زیادہ نمایاں رہیں۔ عالمی بینک نے رواں برس اپریل میں سابق حکومت کو خبردار کیا تھا کہ اخراجات میں اضافہ کی وجہ سے مالیاتی خسارے میں اضافہ ہو سکتا ہے بصد افسوس کہ سابق حکومت اس پر انتباہ پر توجہ دینے کی بجائے آمدن اور اخراجات میں موجود فرق کو پورا کرنے کے لئے محض قرض در قرض کی پالیسی پر گامزن رہی جس کی وجہ سے مالیاتی خسارے میں اضافہ ہوا۔

پاکستان میں اب تک ہر آنے والی حکومت کی جانب سے یہ دعویٰ کیا جاتا رہا ہے جو اپنی جگہ بجا بھی ہے کہ زیادہ قرضے لینے کی وجہ پچھلے قرضوں کی سود سمیت واپسی ہے۔ ہماری آمدنی کا 60 سے 70 فیصد سود کی ادائیگی میں چلا جاتا ہے۔ قرضوں کے بوجھ کی وجہ سے پاکستان اپنی آزادی اور خودمختاری عالمی مالیاتی اداروں کے پاس گروی رکھ چکا ہے اور یہی وجہ ہے کہ حکومت ان کی مرضی کے بغیر عوام کو معمولی سا ریلیف بھی فراہم کرنے کی پوزیشن میں نہیں۔

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی شرائط پر ٹیکسوں کی بھرمار 'پٹرولیم مصنوعات اور بجلی کے نرخوں میں مسلسل ہوشربا اضافے کے باعث مشکلات کا شکار عوام زندہ درگور ہو چکے ہیں اور ان کی مشکلات کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ تاحال جاری وساری ہے۔ ایک جانب عوام بجلی کے بلوں کو لے کر احتجاج کر رہے ہیں تو دوسری جانب روپے کی قدر میں گراوٹ کے ساتھ بجلی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافے کے خطرات منڈلا رہے ہیں جبکہ نگران حکومت واضح طور پر ان حالات میں کسی قسم کی مدد سے معذوری ظاہر کر چکی ہے جبکہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ نے بھی دوٹوک انداز میں کہہ دیا ہے کہ بل جتنے بھی آئیں ادائیگی کرنا پڑے گی۔

پاکستان آج اپنی تاریخ کے جس مشکل ترین مالی ومعاشی بحران کا شکار ہے اس کی بنیادیں 70 سال پہلے کھودنے کا آغاز ہوا اور آج حالت یہ ہوگئی ہے کہ ان بنیادوں پر کھڑی کی گئی عمارت اپنے ہی بوجھ تلے لرز رہی ہے کسی بھی حکومت نے ملکی معیشت کو خودانحصاری اور حقیقی ترقی کے ماڈل پر تیار ہی نہیں کیا شروع دن سے ہی عالمی مالیاتی اداروں نے جو پالیسی دی پاکستان کے حکمرانوں نے اسے نافذ کر دیا۔ عالمی سٹریٹجک صف بندی میں بھی جدھر امریکہ 'مغربی یورپ نے اشارہ کیا 'ہمارے حکمران اس صف میں شامل ہو گئے۔

سندھ طاس معاہدہ ہو 'یا منگلا ڈیم اور تربیلا ڈیم کی تعمیر عالمی بنک کی مدد شامل رہی ہے۔ پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے ہماری کسی حکومت کے پاس کوئی ٹھوس لائحہ عمل سرے سے موجود ہی نہیں رہا اور نہ ہی اس کے لئے کوئی کوشش کی گئی۔ ریاست کے سٹیک ہولڈرز نے اپنے اور اپنے خاندانوں کے لئے مغربی کلچر کا انتخاب کیا یوں ملک میں ایک ایسا طبقہ پروان چڑھا جو ریاستی مراعات کے باعث خوش حال ہوا۔ ہمیں اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے کہ معاشی استحکام ہی ناقابلِ تسخیر دفاع اور موجودہ عہد میں ترقی یافتہ ملکوں کی صف میں شامل ہونے کیلئے ناگزیر ہے۔

سیاسی استحکام کا ہدف حاصل کئے بنا معاشی بحالی ممکن نہیں۔ پاکستان میں اقتدار کے سٹیک ہولڈرز کے مابین مفادات کے ٹکراؤ کی وجہ سے سیاسی عدم استحکام بڑھتا جا رہا ہے اور ملک میں سیاست اور معیشت دونوں زوال پذیر ہیں۔ سیاسی قیادت اپنے تدبر سے ترقی کی بنیادیں بھرتی ہے مگر ہمارے ہاں یہ مسلسل انتشار کو بڑھا دینے میں مصروف رہی گزشتہ چند سالوں کے دوران انتشار کی سیاست کو اس تیزی کے ساتھ فروغ دیا گیا ہے کہ آج اس کے نتیجے میں ملک اپنے بدترین معاشی اور سماجی حالات سے گزر رہا ہے۔ مہنگائی 'معاشی بدحالی' مستقبل سے مایوسی اور بے یقینی کی فضا عوام کی نفسیات پر تباہ کن حملے کر رہی ہے۔ ملک وقوم کو مزید ایسے حالات کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔

ہمارے سیاسی قائدین کو خوداحتسابی کی اشد ضرورت ہے اگر وہ یہ احساس پیدا کرلیں کہ اس ملک ہی سے ان کی شناخت ہے۔ باہمی جھگڑوں اور سرپھٹول سے انہیں کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ بہتر یہی ہے کہ تمام سیاستدان اپنی ذمہ داریوں کا احساس وادراک کریں اور ملک میں سیاسی استحکام پیدا کرنے کے لئے اخلاص نیت کے ساتھ کوشش کریں اور ایثار کا مظاہرہ کرتے ہوئے رواداری اور برداشت کے کلچر کو فروغ دیں۔ ملک میں امن وامان فضا قائم ہوگی تو معیشت کو بھی استحکام ملے گا اور قرضوں کے عمل سے باہر آ کر دنیا کی اقوام میں باوقار قوم کی حیثیت سے خود کو منوا بھی سکیں گے۔ پاکستان کی سیاسی قیادت اور ریاست کے اہم سٹیک ہولڈرز پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ معیشت کو ترجیح اور سیاست کو مستحکم ہونے دیں اسی میں ملکی ترقی اور عوام کی خوشحالی کا راز مضمر ہے۔۔۔۔

"سب پھڑے جان گے"

تحریر: اعجاز علی ساغر اسلام آباد

سعودی کنگ شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے اپنے کاندھوں کا بوجھ اتار کر اپنے محمد بن سلمان کے کاندھوں پر ڈال دیا کیونکہ ان کی بادشاہت دن بدن کمزور ہوتی جارہی تھی بیرونی سازشی عناصر اندرونی شازشیوں کی مدد سے دن بدن سعودیہ کے اندرونی حالات خراب کرنے پر تلے ہوئے تھے کرپشن عروج پر پہنچ چکی تھی ٹیکس کا نظام تباہ ہو چکا تھا حالات دن بدن خراب سے خراب تر ہوتے جارہے تھے شاہ سلمان کی گرفت حکومت پر کمزور پڑ چکی تھی اقتدار ہاتھ سے جاتا دیکھ کر بالاخر کنگ سلمان نے اپنے سب سے باصلاحیت بیٹے محمد بن سلمان کو فرمانروا مقرر کردیا اور شاہی فرمان جاری کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر برطرفیاں اور تقرریاں کردیں انہوں نے چیف آف اسٹاف کو جبری ریٹائر کردیا یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ مسلح افواج کے سربراہان کو طاقتور تصور کیا جاتا ہے اور انہیں ہٹانے سے ملک میں مارشل لا بھی لگ سکتا ہے بہرکیف یہ ایک جراتمندانہ فیصلہ تھا انہوں نے شاہی فرمان جاری کرتے ہوئے اس وقت چیف آف اسٹاف جنرل عبدالرحمان بن صالح البنیان اور کمانڈر کو جبری ریٹائر کر کے فیاض الروائیلی کو سعودی فضائیہ کا نیا سربراہ مقرر کردیا 2018 میں ہونیوالی ان بڑی تبدیلیوں نے پوری عرب دنیا میں ہلچل مچادی۔ محمد بن سلمان نے آتے ہی سخت فیصلے کرنے شروع کردیے انہوں نے ریاست مخالف اور کرپٹ افراد کی فہرستیں بنانی شروع کر دیں اور سب سے پہلے ٹیکس نہ دینے والوں کا انتخاب کیا انہوں نے تمام عربی شہزادوں، بڑی بڑی کمپنیوں کے مالکان اور اپنے پرائے سب کو ہوٹلوں میں بند کیا اور ان سے رہائی کے بدلے بھاری رقوم حاصل کر کے قومی خزانے میں جمع کیں اسکے ساتھ ہی انہوں نے ریاست مخالف تمام لوگوں کی لسٹیں بنوائیں اور انہیں چن چن کے ٹھکانے لگوایا جس میں ایک سعودی صحافی جمال خاشقجی شامل تھا جس کو میڈیا پر کافی ہائی لائٹ کیا گیا الغرض محمد بن سلمان نے محض چند مہینوں میں سعودی عرب کا نقشہ ہی بدل کے رکھ دیا انہوں نے تمام غیر ضروری پابندیاں ختم کیں اور ملک میں سیاحت سمیت تمام شعبوں کو فروغ دیا اور ہاتھ سے نکلتے اس ملک پر دوبارہ سے گرفت مضبوط کرلی اور سعودی عرب کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کردیا۔ اگر ہم پاکستان کے حالات پہ نظر دوڑائیں تو ہمیں کمزور پڑتے سعودیہ جیسی ہی کنڈیشن نظر آتی ہے، جس میں کرپشن کرنیوالوں نے اپنی تجوریاں بھر رکھی ہیں اور عام آدمی ایک وقت کی روٹی کیلئے ہاتھ پاں مارتا دکھائی دیتا ہے پاکستان میں ذخیرہ اندوزوں، گراں فروشوں اور کرپٹ مافیا کا راج ہے جبکہ بیرونی سازشیوں نے یہاں بھی میر جعفر اور میر صادق پال رکھے ہیں جو اس ارض پاک کا امن داؤ پر لگانے پر تلے ہیں آپ گلگت بلتستان کی ہی مثال لے لیں کہ وہاں حالات اتنے خراب ہوئے ہیں کہ فوج کو بلانا پڑا ہے جبکہ پورے ملک میں مہنگائی اور بجلی کے بلوں کے ستائی عوام سڑکوں پر نکل آئی ہے تاجران نے حکومت کو ہڑتالوں کی دھمکیاں دے دی ہیں حالات دن بدن خراب ہوتے جارہے ہیں اور نگران حکومت کے ہاتھ سے نکلتے دکھائی دے رہے ہیں بظاہر ایسا لگ رہا ہے کہ شاید فوج بہت جلد اس ملک کا کنٹرول سنبھال لے گی۔ اس ملک کو بھی محمد بن سلمان کی ضرورت ہے جو ان تمام عناصر کا کڑا احتساب کرے اور یہ احتساب صرف اور صرف آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر ہی کرسکتے ہیں وہ نگراں حکومت کے کندھے پر ہاتھ رکھیں اور کرپشن کرنیوالے سیاستدانوں، ججوں، جرنیلوں، بیوروکریسی اور تاجروں اور صحافیوں، پراپرٹی ٹائیکونوں اور قبضہ مافیا سمیت ہر اس شخص کا سخت احتساب کیا جائے جس نے کسی بھی حوالے سے قومی خزانے کو نقصان پہنچایا ہے ٹیکس نہ دینے والی کمپنیوں وافراد کے گرد سخت شکنجہ کسا جائے اور انہیں تب تک نہ چھوڑا جائے جب تک وہ ٹیکس قومی خزانے میں جمع نہ کروادیں اسکے علاوہ بجلی چوروں اور منافع خوروں کو بھی کٹہرے میں لایا جائے اسکے علاوہ ریاست کو کمزور کرنیوالوں کو کسی صورت معافی نہ دی جائے بلکہ انہیں سرعام لٹکایا جائے۔ آرمی چیف صاحب یہ وقت ہے ریاست بچانے کا خدارا آپ پاکستان کے محمد بن سلمان بن جائیے 400 سے 600 کرپٹ افراد کی لسٹیں بن چکی ہیں اس کا دائرہ کار بڑھائیے جہاں جہاں بھی بگاڑ ہے اسکو درست کیجیئے سب انتخابات کی رٹ لگا رہے ہیں وہ بھی ہوجائیں گے پہلے مشن کلین شروع کرلیا جائے تاکہ جب نئی حکومت بنے تو سیاستدانوں، بیوروکریسی، تاجران سمیت کلین ہوچکے ہوں اب وقت ہے کہ کڑے احتساب کا عمل فی الفور شروع کیا جائے۔

جس جس نے اس ملک کو لوٹا ہے وہ تیاری پکڑ لے ان سے ایک ایک پائی کا حساب لیا جائے گا کسی کو معافی نہیں دی جائے گی ان 400 سے 600 افراد میں بڑے نامی گرامی افراد شامل ہیں کسی کو بھاگنے کا موقع نہیں دیا جائے گا اب بس بہت ہو چکا اس ریاست نے جتنا برداشت کرنا تھا کرلیا اب کسی کو معافی نہیں ملے گی سب پھڑے جان گے، ملک میں اب انتخابات تب ہی ھوں گے جب ریاست ان تمام سازشیوں، لٹیروں، قبضہ مافیوں، گراں فروشوں اور ناجائز منافع خوروں اور کرپٹ بیوروکریسی سے پاک ہوجائے گی۔

رب کریم میرے ملک کو دن دوگنی رات چوگنی ترقی دے۔ آمین

ستمبر ..... قومی اتفاق رائے کی ضرورت!

چوہدری خادم حسین

ستمبر کو ستمگر کہتے ہیں لیکن مجھے یہ مہینہ بہت دور لے جاتا ہے۔ 1965 کو گزرے 58 برس ہو گئے۔ مجھے یہ سال اور مہینہ بہت یاد ہے، اگرچہ بعض یادیں تھوڑا دھندلا گئیں لیکن مجموعی طور جب بھی ستمبر آتا ہے تو سب ایک فلم کی طرح نظروں سے گزرنا شروع ہو جاتا ہے، اس کے ساتھ ہی دسمبر 71 بھی غم کا تصور لئے لاشعور سے شعور کو دستک دینے لگتا ہے، ہر دو سال اور مواقع پاکستان کی تاریخ کے بہت ہی اہم اور یادگار ہیں۔ میں نے ایک رپورٹر کی حیثیت سے یہ سب ادوار سیاسی، جنرل اور عدالتی رپورٹنگ کے حوالے سے کور کئے ہوئے ہیں۔ ستمبر شروع ہو تو میجر جنرل تجمل حسین ملک (مرحوم)، کرنل نفیس انصاری (مرحوم)، کیپٹن اقبال چیمہ (مرحوم)، میجر انور شاہ، میجر نواز اور لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد نواز بھی یاد آ جاتے ہیں، یہ سب لوگ 65 کی جنگ میں معرکہ جلو کے ہیرو ہیں، میں نے ان حضرات کے وہ عہدے لکھے جو ان کے ساتھ ریٹائرمنٹ تک تھے، معرکہ 6 ستمبر میں یہ جوان تھے اور یوم دفاع پاکستان کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ہمارے نوجوان افسروں نے سپاہیوں سے آگے بڑھ کر دشمن کا مقابلہ کیا اور غازی ٹھہرے جبکہ شہدا نے فرض پر جان قربان کرکے جنت میں مقام پایا۔ میں 6 ستمبر کے حوالے سے ہر سال لکھتا ہوں اور ہر بار ذکر آتا اور اس سترہ روزہ جنگ اور اس کے بعد جنگ بندی سے فوجوں کی واپسی تک کے حالات کا ذکر آتا ہے۔ اسی حوالے سے 71 کی لڑائی بھی یاد آتی ہے، جس کے نتیجے میں دل غم سے بھر جاتا ہے، ان دنوں جو حالات ہیں، ان کی وجہ سے تو یہ سب اور بھی زیادہ یاد آتا ہے، اس لئے آج ایک ایسے ہی پہلو کا ذکر کروں گا جو حالات حاضرہ سے مطابقت رکھتا ہے، جنگ ستمبر سے پہلے جنرل ایوب 62 کا آئین نافذ کرکے پارلیمانی سے صدارتی نظام رائج کر چکے تھے۔ عوام سے بالغ رائے دہی کا حق چھین لیا گیا تھا اور بنیادی جمہوریت کے نام سے بالواسطہ انتخابی عمل کا طریق اپنا لیا گیا تھا، اسی کے آسرے پر مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کو صدارتی انتخاب میں ہرایا گیا تھا، محترمہ کی حمایت اور ایوب خان کا مقابلہ متحدہ اپوزیشن نے کیا اور ماحول سخت کشیدہ تھا، ایسے میں کشمیر کے محاذ پر جاری جدوجہد اور لڑائی سے گھبرا کر اور بہت دوررس حکمت عملی کے تحت بھارت نے 5-6 ستمبر کی شب کو بین الاقوامی سرحد پر کسی اعلان کے بغیر حملہ کر دیا تھا، واہگہ کی سرحد پر رینجرز معمول کے فرائض انجام دے رہے تھے، ٹینکوں اور بری فوج کی مدد سے سرحد عبور کرنے کے بعد یہ حضرات لاہور فتح کرنے کے لئے آگے بڑھ آئے تھے۔ رینجرز نے شہادت قبول کی اور بساط کے مطابق دشمن کو روکا اور اپنے افسران بالا کو خبردار کیا، پھر 3 بلوچ، فرنٹیئر فورس اور پنجاب رجمنٹ نے بہادری اور قربانی کی مثالیں پیدا کیں، دشمن کو بی آر بی کے پار روک لیا گیا اور پھر 17 روزہ جنگ میں جو ہوا، میں اپنے حصے کا بہت کچھ لکھ چکا ہوا ہوں میں نے لفظ حکمت عملی استعمال کیا تو ہمارے اپنے کئی دفاعی تجزیہ نگار کہتے ہیں کہ بھارت کی حکمت عملی یہ رہی کہ مغربی پاکستان کی بین الاقوامی سرحدیں عبور کر کے حملہ کیا لیکن مشرقی پاکستان (بنگلہ دیش) کی طرف کوئی چھیڑ چھاڑ نہ کی اور ہمارے ان بھائیوں کو باور کرایا کہ وہ ان کا دوست ہے اور پاک فوج اور حکمت کاروں کا یہ فلسفہ غلط ہے کہ مشرقی پاکستان کا دفاع مغربی پاکستان سے کیا جائے گا اور دسمبر 71 میں مغربی محاذ خاموش اور مشرقی محاذ پر پورا دباؤ ڈالا گیا تھا۔ اس سب پر بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ میں آج کے حالات اور اپنی طرف سے مذاکرات کی تجویز کا بار بار ذکر کرنے کے حوالے سے عرض کروں گا۔

اشاعت خاص

عصری، تہذیبی مسائل اور سیدِ ہجویر کی تعلیمات

خانقاہوں کی علمی اور تہذیبی مرکزیت کی اہمیت

تزکیہ و طہارت کے نظام کو ازسرِ نو اپنا کر روح کی تر و تازگی کو معطر کیا جائے

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایت پر سہ روزہ عالمی کانفرنس کا عظیم الشان انعقاد

اسلامی تشخص کے احیا کے لیے سید ہجویر کے نقشِ قدم اور نقشِ قلم سے روشنی حاصل کرنا ہوگی

الشیخ السید علی بن عثمان الہجویری المعروف بہ حضرت داتا گنج بخش کی زندگی عمل، حرکت اور جہد مسلسل سے عبارت رہی

"اگر کوئی شخص ہزار برس تک دل سے مخلص رہے جب تک اخلاص کے ساتھ عمل کو نہ ملائے وہ مخلص نہیں ہوسکتا"

شہرہء آفاق تصنیف "کشف المحجوب" کا شمار تصوف کی امہات کتب میں ہوتا ہے



تحریر۔۔ناظم الدین
ڈائریکٹر تعلقات عامہ پنجاب لاہور

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایت پر داتا گنج بخش علی ہجویری کے 980ویں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر ان کی تعلیمات کو ملکی و بین الاقوامی سطح پر پہنچانے کے لئے داتا دربار میں "سہ روزہ عالمی تصوف کانفرنس" کا انعقاد کیا گیا۔ گورنر پنجاب انجینئر میاں محمد بلیغ الرحمن اور سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے داتا دربار میں منعقدہ "سہ روزہ عالمی تصوف کانفرنس" کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عصری، تہذیبی مسائل کے حل کے لیے سید ہجویر کی تعلیمات سے استفادہ ضروری ہے۔ حضرت داتا گنج بخش کے افکار پر عمل پیرا ہو کر فلاحی معاشرے کی تشکیل ممکن ہے۔ برصغیر میں حضرت داتا گنج بخش کی شخصیت ان برگزیدہ ہستیوں میں سرفہرست ہے جنہوں نے اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں تاریخ ساز کردار ادا کیا۔ آپ کا آستانِ فیض نہ صرف برصغیر بلکہ پوری اسلامی دنیا میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ آج بین المسالک ہم آہنگی اور بین المذاہب مکالمہ کے فروغ اور انتہا پسندی اور دہشت گردی جیسے عوامل کی بیخ کنی کے لیے ضروری ہے کہ ہم حضرت داتا گنج بخش رحم اللہ علیہ اور اس خطے کے دیگر صوفیا کی تعلیمات سے اکتساب فیض کریں۔ یہ صوفیا امن کے علمبردار اور انسان دوستی کے امین تھے۔ ان کی خانقاہیں بلاامتیاز مسلک ومذہب ہر ایک کے لیے فیضِ عام کا ذریعہ تھیں۔ ان کے مزارات امن کے مرکز اور محبتوں والفتوں کے امین تھے۔ ان کی درگاہیں علم کے سب سے بڑے مراکز اور تزکیہ وطہارت کے عظیم ترین مسکن تھے۔ آج دنیا میں انتہا پسندی اور دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے حضرت داتا گنج بخش رحم اللہ علیہ اور ان جیسے دیگر صوفیا کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔ کانفرنس، جس کا مرکزی موضوع: "پاکستانی سماج میں مکالمہ کی اہمیت، تعلیمات سید ہجویر رحمہ اللہ کا اختصاصی مطالعہ "تھا۔ ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور آصف علی فرخ، چیئرمین متحدہ علما بورڈ پنجاب علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، خطیب داتا مفتی محمد رمضان سیالوی اور صاحبزادہ پیر محمد رفیق نقشبندی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ حضرت داتا گنج بخش رحم اللہ علیہ اس عظیم قافلہ علم وحکمت اور شریعت وطریقت کے سرخیل تھے، جن کے دم قدم سے یہ برصغیر اسلام کے نور سے منور ہوا۔ آپ رحم اللہ علیہ کی شہرہء آفاق تصنیف " کشف المحجوب"، جس کا شمار تصوف کی امہات کتب میں ہوتا ہے، سے انسانیت گزشتہ ایک ہزار سال سے اکتساب فیض کر رہی ہے۔

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے داتا دربار میں منعقدہ "سہ روزہ عالمی تصوف کانفرنس" سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سید ہجویر، خطے میں مسلم تخلیقی فکر کے بانی تھے۔ آپ نے رواداری اور انسان دوستی کے جذبوں کو عام کیا۔ آپ قافلہ شریعت و طریقت کے سرخیل اور اسلامی علوم و معارف کے علمبردار تھے۔ عہد حاضر میں فلاحی معاشرے کی تشکیل کے لیے، آپ کے افکار ونظریات سے استفادہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ برصغیر میں قرآن مجید کی تعلیمات کے محافظ ہیں اور آپ کے اقدام سے ہندوستان میں کفر کی قدیم طاقتوں کا خاتمہ ہوا۔ آپ نے قرآن پاک کی آیات کے ابلاغ و اہتمام اور حفاظت و ترویج کا فریضہ یوں سرانجام دیا کہ خطے میں قرآنی علوم ومعارف کے سوتے جاری ہوگئے۔ ترویج دین کے لیے آپ کی مساعی جمیلہ نے، عہد فاروقی کی یاد تازہ کردی، آپ نے اس سرزمین میں اعتدال اور راسخ العقیدگی کی بنیاد رکھی اور ایک مضبوط عمرانی و سیاسی نظم قائم کیا، جس سے خطے میں دین اسلام اور مذہب کی مرکزیت ہمیشہ کے لیے مسلمہ اور پائندہ ہوگئی۔ "سہ روزہ عالمی تصوف کانفرنس" سے خطاب کرتے ہوئے، ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور آصف علی فرخ، ممتاز کالم نگار سجاد میر، فاروق عادل، ڈاکٹر شفاقت علی بغدادی الازہری، الشیخ السید اسرار الحسن شاہ، الشیخ زوار حسین، ڈاکٹر منیر الازہری، خطیب داتا دربار مفتی رمضان سیالوی، قاری سید صداقت علی، الحاج ڈاکٹر سرور حسین نقشبندی، صوبائی خطیب اوقاف مولانا مختار احمد ندیم، ضلعی خطیب اوقاف مفتی عمران حنفی و دیگر مقررین نے کہا کہ حضرت داتا گنج بخش کی خانقاہ، علوم قرآن کا مرکز تھی، حضرت اقبال نے آپ علوم ومعارف قرآنیہ کا پاسبان قرار دیا۔ عہدِ حاضر میں قرآنی افکار کی ترویج کے لیے سید ہجویر کے طرزِ زیست سے راہنمائی کی ضرورت ہے۔ قرآنی افکار کا فروغ اور سیرت طیبہ ﷺ کی ترویج، وقت کی اہم ضرورت ہے، اسی سے فلاحی معاشرے کی تشکیل کی بنیادیں فراہم ہوں گی۔ انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے سید ہجویر کی تعلیمات کا ابلاغ ضروری ہے۔ صوفیا، رواداری اور انسان دوستی پر یقین رکھتے تھے۔ برصغیر کا یہ تکثیری معاشرہ، جو مختلف تہذیبی اور فکری تعصبات کا شکار تھا، کو حضرت داتا گنج بخش نے آج سے ایک ہزار سال قبل، اپنے اخلاص، محبت اور انسان دوستی کے ذریعہ حق سے آشنا کیا۔ آپ ایک اجنبی خطے اور نامانوس ماحول میں دعوت وتبلیغ کے لیے تشریف فرما ہوئے، آپ نے اپنے اصلاحی مشن میں جارحیت اور تکفیریت کی بجائے اپنائیت، اخوت اور بھائی چارے کا راستہ اختیار کیا اور سوسائٹی میں علمی مکالمے اور فکری مذاکرے کی ترویج فرمائی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حضرت داتا گنج بخش کے اسلوب دعوت وتحریر میں اگرچہ قوت استدلال اور فقہ وکلام کے اثرات نمایاں ہیں۔ تاہم آپ نے تشدد آمیز رویوں اور انتہا پسندانہ رجحانات کی ہمیشہ حوصلہ شکنی کی۔ آپ نام نہاد صوفیا اور ظاہر بین علما کا ازحد محاکمہ اور دین مخالف طبقات پر سنجیدہ تنقید اور علمی گرفت کا خوب ملکہ رکھنے کے باوجود، اپنی تحریروں میں کہیں بھی کسی کا نام لے کر اس کو معتوب کرنے سے گریز فرماتے کہ اس سے دوریاں بڑھتی اور مکالمے و مذاکرے کے امکانات معدوم ہوتے ہیں، جس کے سبب دین اسلام کی دعوت کا ابلاغ ممکن نہیں رہتا۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ حضرت داتا گنج بخش اور دیگر صوفیا کے اس اسلوب دعوت کو عام کیا جائے اور دیگر مذاہب اور اقوام کے ساتھ علمی و سماجی مکالمے کو فروغ دیتے ہوئے رواداری اور بقائے باہمی جیسے جذبوں کے فروغ کا اہتمام ہو۔

کانفرنس میں ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور آصف علی فرخ، خطیب داتا دربار مفتی محمد رمضان سیالوی، اوریا مقبول جان، ارشاد احمد عارف، ڈاکٹر سید احمد سعیدی، ڈاکٹر محمد سلیم مظہر، پیر محمد ضیا الحق نقشبندی، فراز وڑائچ، ڈاکٹر شبیر احمد جامی، ڈاکٹر حافظ فیصل رسول، ڈاکٹر عباس علی رضا اور دنیا بھر سے علمی شخصیات، بالخصوص ہجویریات کے ماہرین نے "پاکستانی سماج میں مکالمہ کی اہمیت اور تعلیمات سید ہجویر رحمہ اللہ کا اختصاصی مطالعہ " کے مرکزی موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج بین المسالک ہم آہنگی اور بین المذاہب مکالمہ کے فروغ اور انتہا پسندی اور دہشت گردی جیسے عوامل کی بیخ کنی کے لیے ضروری ہے کہ ہم حضرت داتا گنج بخش رحم اللہ علیہ اور اس خطے کے دیگر صوفیا کی تعلیمات سے اکتساب فیض کریں۔ یہ صوفیا امن کے علمبردار اور انسان دوستی کے امین تھے۔ ان کی خانقاہیں بلاامتیاز مسلک ومذہب ہر ایک کے لیے فیضِ عام کا ذریعہ تھیں۔ ان کے مزارات امن کے مرکز اور محبتوں والفتوں کے امین تھے۔

استقبالیہ تقریب کے سلسلے میں بین المدارس و جامعات کے طلبا کے مابین "مقابلہ حسن قرأت و مقابلہ حسن تقریر" کا انعقاد ہوا۔ جس میں لاہور سمیت پنجاب بھر کے 50 سے زائد کالجز، یونیورسٹیز اور مدارس کے طلبا شریک ہوئے۔ مقابلہ حسنِ قرآت میں جامعہ یوسفیہ جائنہ سکیم لاہور کے خلیل احمد ولد غلام یسین نے پہلی، جامعہ ہجویریہ داتا دربار کے عبدالوہاب ولد اسحاق ابراہیم نے دوسری، جی سی یونیورسٹی لاہور کے حافظ محمد فیصل ولد محمد امجد نے تیسری اور مقابلہ حسنِ تقریری میں جامعہ حنفیہ غوثیہ کے محمد ذیشان نے پہلی، جامعہ ہجویرہ داتا دربار کے سمیر مزمل ولد مزمل علی نے دوسری، جامعہ رضویہ مظہر الاسلام فیصل آباد کے محمد اویس ولد محمد سلیم نے تیسری نے پوزیشن حاصل کی۔ جن میں گورنر حضرت داتا گنج بخش کی خانقاہ بہبودِ انسانی کا مرکز ہے۔ ڈاکٹر طاہر رضا بخاری انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے حضرت داتا گنج بخشکے درسِ محبت کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔ کانفرنس میں ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور آصف علی فرخ، خطیب داتا دربار مفتی محمد رمضان سیالوی، اوریا مقبول جان، ارشاد احمد عارف، ڈاکٹر سید احمد سعیدی، ڈاکٹر محمد سلیم مظہر، پیر محمد ضیا الحق نقشبندی، فراز وڑائچ، ڈاکٹر شبیر احمد جامی، ڈاکٹر حافظ فیصل رسول، ڈاکٹر عباس علی رضا اور دنیا بھر سے علمی شخصیات، بالخصوص ہجویریات کے ماہرین نے "پاکستانی سماج میں مکالمہ کی اہمیت اور تعلیمات سید ہجویر رحمہ اللہ کا اختصاصی مطالعہ " کے مرکزی موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج بین المسالک ہم آہنگی اور بین المذاہب مکالمہ کے فروغ اور انتہا پسندی اور دہشت گردی جیسے عوامل کی بیخ کنی کے لیے ضروری ہے کہ ہم حضرت داتا گنج بخش رحم اللہ علیہ اور اس خطے کے دیگر صوفیا کی تعلیمات سے اکتسابِ فیض کریں۔ یہ صوفیا امن کے علمبردار اور انسان دوستی کے امین تھے۔ ان کی خانقاہیں بلاامتیاز مسلک ومذہب ہر ایک کے لیے فیضِ عام کا ذریعہ تھیں۔ ان کے مزارات امن کے مرکز اور محبتوں والفتوں کے امین ہیں۔ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی سربراہی میں محکمہ اوقاف اور الامین اکیڈیمی کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی۔ جس کے تحت الامین اکیڈیمی محکمہ اوقاف کے ملازمین اور اس کے زیر انتظام جامعہ ہجویریہ داتا دربار و دیگر جامعات کے سٹوڈنٹس کو الامین اکیڈیمی میں داخلے پر فیس میں 25 فیصد رعایت دے گی۔ مزید یہ کہ ہر تین ماہ بعد محکمہ اوقاف اور الامین اکیڈیمی مشترکہ سیمینارز اور کانفرنسز کا انعقاد کریں گے۔

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے کہا ہے کہ آئین پاکستان غیر مسلم شہریوں کے حقوق کا پاسبان ہے۔ قائداعظم کے فرمودات اقلیتوں کے حقوق کی ضمانت فراہم کرتے ہیں۔ بین المذاہب مکالمے کی ترویج کے لیے مستقل ادارے کی ضرورت ہے۔ اہل کلیسا اور محراب و منبر کے اشتراک سے مسلم مسیحی تعلقات میں پختگی آئے گی۔ قرآن کی بے حرمتی پر پابندی کے لیے ڈنمارک کی مجوزہ قانون سازی لائق تحسین ہے، ایسی قانون سازی دیگر ممالک میں بھی ہونی چاہیے۔ پرامن بقائے باہمی کے اصول کو اپنائے بغیر دنیا میں امن قائم نہیں رہ سکتا۔ نسل نو کو مذہبی منافرت سے بچانے کے لیے اکابرین وعمائدین کو متوجہ ہونا چاہیے۔

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب، سید محسن رضا نقوی

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
04 ستمبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 04 ستمبر 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، طفیل شہید، چراہ، فراش ٹاؤن، کرپہ فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، ہائی وے، سروس روڈ ایسٹ، ضیا مسجد، اقبال ٹاؤن، فضاہیہ، فیڈرز راولپنڈی کینٹ سرکل، اولڈ روات، نیو روات، سی ڈبلیو او، اے او ڈبلیو ایچ ایس، سپارکو، آئی ایس ٹی فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، عزیز آباد، پیپلز کالونی، I-16، ای ایم ای کمپلیکس، نون، پنڈ ہون، I-14/3، I-16/1، ایچ بی ٹی ریڈیو پاک لکھوروڑ، امیر حمزہ، آفیسر کالونی فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، کامسٹ، بھٹہ بختاور، پارک انکلیوژ، لہتراڑ، ترامڑی، آئی ایس آئی، رہاڑہ، پی ایچ اے، کری روڈ، بی ایم پاک زونگ، آئیسولیشن ہسپتال فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

ریلیف پلان آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کر دیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت کو آئی ایم ایف کی جانب سے گرین سگنل کا انتظار ہے

بقیہ 2

کرتے ہوئے انیق احمد کا کہنا تھا کہ آج ملک کے حالات پریشان کن ہیں، ہمیں بہت سارے چیلنجز کا سامنا ہے، ہمیں ثقافتی مسائل درپیش ہیں، علمائے کرام اور طلبہ نے قوم کو مایوسی سے نکالنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مدارس اہم کام کر رہے ہیں، ہمیں ان پر ناز ہے، انہی مدارس نے دینی علم کو محفوظ کر رکھا ہے، سپین میں اگر مدارس قائم ہو جاتے وہ سلوک نہ ہوتا جو آج ہوا، 100 سال بعد ہم نہیں ہوں گے لیکن قرآن سے رہنمائی کی روشنی ملتی رہے گی۔ نگران وزیر کا کہنا تھا کہ ہمیں کچھ خارجی چیلنجز کا بھی سامنا ہے، ہمیں آئے کچھ ہی دن ہوئے تھے کہ 16 اگست کو جڑانوالہ کا واقعہ ہو جاتا ہے، کچھ لوگ پاکستان کا خوبصورت چہرہ تباہ کرنا چاہتے ہیں، اس خوبصورت ریاست کو مودی کا ہندوستان نہیں بننے دیں گے۔ انیق احمد نے مزید کہا کہ علمائے کرام دنیا کو بتائیں ہم پرامن ملک ہیں، دہشت گردی سے نفرت کرتے ہیں، یہ 23 کروڑ عوام کی بھی ذمہ داری ہے، نظریاتی سرحدوں کی ذمہ داری بھی ہم سب پر ہے، ہم نے پاکستان کے جید علما کو دعوت دی ہے، ان سے معیشت سمیت دیگر اہم مضامین پر بات ہوگی۔

بقیہ 3

چہلم امام حسین کے موقع پر طلب کی گئی ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ گلگت بلتستان بھر میں اس وقت تمام سڑکیں، تجارتی مراکز، تعلیمی ادارے معمول کے مطابق کھلے ہیں، صرف چہلم کی سکیورٹی اور صورتحال کے پیش نظر محکمہ داخلہ نے گلگت بلتستان میں 144 نافذ کر رکھی ہے۔ دوسری جانب محکمہ داخلہ گلگت بلتستان کا کہنا ہے کہ گلگت بلتستان میں صورتحال مکمل طور پر پرامن ہے، تجارتی مراکز، تعلیمی ادارے معمول کے مطابق کھلے ہیں۔

بقیہ 4

سندھ میں بڑی کارروائیوں کی تیاری کر رہے ہیں، آج کل میں نئے افسران آ جائیں گے جس کے بعد آپریشن ہوگا، ہم پیشہ ور اور باکردار اچھے لوگوں کو لگا رہے ہیں جس کے بعد سندھ میں امن آ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی اور اندرون سندھ کو امن کا گہوارہ بنائیں گے، پورے سندھ میں کارروائیاں ہوں گی، گھوٹکی، کشمور، جیکب آباد، کندھ کوٹ میں آپریشن کی مکمل تیاری کر لی ہے، کچے اور پکے میں سب جگہ آپریشن ہوگا، ہم کسی کے خلاف سیاسی انتقامی کارروائی نہیں کر رہے، اگر کسی کے خلاف نیب یا دیگر کیسز ہیں تو ان کے خلاف کارروائی ہو رہی ہے۔

بقیہ 5

خلاف انتقامی کارروائی ہو رہی ہے لیکن اگر ملکی قوانین کو پامال کرنے اور تشدد کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی نہ ہوئی تو ہم اس معاملے میں فریق نظر آئیں گے۔ نگران وزیراعظم نے کہا کہ اس طبقے سے بہت ہمدردی ہے جس پر بجلی بلوں کا بہت بوجھ ہے، رات کو دکانیں جلد بند کرنے کے حوالے سے فیصلہ صوبوں کو اعتماد میں لے کر کریں گے اور فیصلے کا نفاذ جلد نظر آئے گا، بجلی معاملے پر جلد فیصلہ نہیں کرنا چاہتے، ایسا فیصلہ نہیں کرنا چاہتے جو بعد میں واپس لینا پڑا، ٹیم اس مسئلے کے شارٹ ٹرم اور لانگ ٹرم حل تجویز کرے گی، یہ نہیں کہا تھا کہ بجلی ایسا مسئلہ نہیں جس پر پہیہ جام ہڑتال کی جائے بلکہ ہمیں اس طبقے سے بہت ہمدردی ہے جس پر بجلی بلوں کا بہت بوجھ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ میرے وہم و گمان میں نہیں تھا کہ کبھی وزیراعظم کی کرسی پر بیٹھوں گا، ٹی ٹی پی یا کسی بھی کالعدم تنظیم سے نمٹنے کیلئے ریاست کے پاس مذاکرات اور فورس دونوں ٹول موجود ہیں، پاک بھارت تجارت کے حوالے سے حتمی فیصلہ بھارتی سیاستدانوں کو کرنا ہے۔ علاوہ ازیں نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے نگران وزیر اطلاعات و نشریات مرتضیٰ سولنگی نے ملاقات کی، وزیراعظم آفس میڈیا ونگ کی جانب سے جاری اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ ملاقات میں مرتضیٰ سولنگی نے وزیراعظم کو اپنی وزارت کے امور کی بابت آگاہ کیا، اس موقع پر ملاقات میں آئندہ ماہ منعقد ہونے والی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں پاکستان کے مثبت بیانیے کی مؤثر نمائندگی کے لیے ممکنہ حکمت عملیوں پر مشاورت بھی کی گئی، ملاقات میں سیکرٹری اطلاعات و نشریات اور پرنسپل انفارمیشن آفیسر بھی شریک تھے

بقیہ 6

اسٹینڈ مینٹل ہائی وے پر پولیس انسداد جرائم میں مصروف تھی کہ کچھ شرپسند عناصر نے جماعت اسلامی کی کال پر احتجاج شروع کر دیا احتجاجی مظاہرین کے پاس لاٹھیاں، پتھر اور دیگر سامان بھی موجود تھا، مظاہرین نے پولیس موبائل کو اپنی طرف آتا دیکھ کر پتھراؤ کیا اور جلاؤ گھیراؤ کیا اور موٹر سائیکل بھی نذر آتش کر دی۔ مظاہرین کے ہنگامے کے دوران پولیس اہلکار محمد حنیف، وقاص اور ارسلان شوکت کی موٹر سائیکلوں کو نذر آتش کیا گیا جس پر قانونی کارروائی عمل میاں لائی گئی ہے۔ پولیس نے 8 احتجاجی مظاہرین کو گرفتار کیا ہے جبکہ نامزد 45 سے زائد مظاہرین کی گرفتاری کیلئے چھاپوں کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ 7

احتجاج کسی نتیجے پر پہنچتا ہوا نظر نہیں آ رہا، ڈاکٹر طاہر القادری کا نظریہ سر چڑھ کر بول رہا ہے، مصطفوی معاشرے کا قیام وقت کی ضرورت بن چکا۔ معیشت کا بیڑا غرق اور ملک کو دیوالیہ کرنے والے عوام پر حکمرانی کر کے اپنے اصل دیس روانہ ہو چکے ہیں۔ وقت آ گیا ہے کہ عوام کو سمجھنا ہوگا اور اپنے حقوق کے لئے ایک قوم بننا ہوگا۔ وہ گزشتہ روز عوامی تحریک راولپنڈی کے آن لائن اجلاس میں گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ پٹرول کی قیمتیں عالمی مارکیٹ میں کم ہیں مگر پاکستان میں اس کے بالکل برعکس ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق حکمرانوں کی بیڈ گورننس اور بد انتظامی کے باعث ڈالر اوپر جا رہا ہے، روپیہ بدترین تنزلی کا شکار ہے، نگران حکومت کا کام شفاف انتخابات کروانا ہوتا ہے، نگران حکومت نے آتے ہی سابقہ حکومت کی مہنگائی کرنے کی نقش قدم پر چلتے ہوئے اور ان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے عوام کش اقدامات پٹرول اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کر کے غریب عوام پر تابڑتوڑ حملے کئے۔

بقیہ 8

عالمی عدالت انصاف جانے کا مطلب پاکستان کو عالمی کٹہرے میں مجرم بنا کر کھڑا کرنا ہے، یہ مکروہ کام صرف ملک دشمن اور ان کے کارندے کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کو پاکستان واپس لانے، رہا کرانے اور آباد کرانے والے اب دہشت گردوں کو نیا راستہ دکھا رہے ہیں، جن کا بندہ ہے وہ بچانے کی کوشش کر رہے ہیں، پہلے ہیرو بنایا، فارن فنڈنگ کی، اقتدار دلایا اقتدار میں لا کر پاکستان کی معیشت، خارجہ تعلقات تباہ کئے۔ سابق وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے اپنے دور اقتدار میں مہنگائی سے خانہ جنگی کی راہ ہموار کی، نوجوانوں کے ذہن میں بارود بھرا تاکہ وہ حملہ آور جتھوں میں بدل جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو عالمی عدالت انصاف میں کھڑا کرنے سے فلسطین اور مقبوضہ جموں و کشمیر کے انسانوں کے حقوق غصب کرنے والوں کو دلی خوشی ہوئی، کٹھ پتلی کو پاکستان کی عالمی بدنامی کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی پر یہ پیسہ کون خرچ کر رہا ہے؟ واضح رہے کہ تحریک انصاف کے آفیشل ایکس (ٹوئٹر) ہینڈل سے چیئرمین پی ٹی آئی کے کیسز کا معاملہ اقوام متحدہ، عالمی عدالت میں لے جانے کیلئے جیفری رابرٹسن کی خدمات کا اعلان کیا گیا تھا۔

بقیہ 9

اقبضہ میں لیکر ملزمان کو پابند سلاسل کر دیا۔ ایس ایچ او آرے بازار چوہدری ذوالفقار نے بتایا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے سزایاب کروایا جائے گا۔ پولیس تھانہ آرائے بازار نے مخبر کی اطلاع پر جامعہ مسجد حنفیہ کے عقب کھلے گراؤنڈ میں سٹریٹ لائٹ کی روشنی میں کامران ستی 10/11 اشخاص کے ساتھ ملکر بذریعہ تاش پتہ جوا کروا رہا تھا مخبر کی اطلاع کو معقول جانتے ہوئے ریڈنگ پارٹی تشکیل دے کر باامداد ہمراہیاں بوقت قریب 1/30 بجے رات متذکرہ بالا جگہ پہنچا تو ملزمان کو بذریعہ تاش پتہ جوا کھیلنے میں مصروف پایا جن کو موقع پر قابو کر لیا۔ ملزمان میں کامران، محمد شہاب، معظم رسول، حمزہ جاوید، محمد مسعود، آزاد، عثمان یونس، محمد ریاض شامل ہیں۔ داؤ پر لگی رقم 77230 روپے گنتی کرنے پر برآمد ہوئی اور تاش 2 عدد جوڑی 52/52 پتے اور 4 عدد موبائل ٹیلی فون 2 عدد سادہ بٹنوں والے برآمد ہوئے برآمدہ چادر رقم، تاش و موبائل فون بمطابق فرد بطور ثبوت قبضہ میں لے لئے گئے۔

بقیہ 10

کے دوران دونوں ممالک کے درمیان تاریخی اور طویل المدتی دوطرفہ تعلقات کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں تجارت، معیشت، سلامتی، امن اور علاقائی استحکام سمیت باہمی تعاون کے فروغ کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ مریم نواز شریف نے کورونا وبا کے مشکل ترین حالات اور گزشتہ سال تباہ کن سیلاب کے دوران امریکی حکومت کی طرف سے سفیر ڈونلڈ بلوم کی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ 11

کے 4 افراد جاں بحق اور ایک خاتون زخمی ہوئی۔ مقامی انتظامیہ سے معلوم ہوا ہے کہ صبح کے وقت مقامی لوگوں نے کار کو دریا میں گرا ہوا دیکھا تو انہوں نے ریسکیو اہلکاروں کو اطلاع دی اور ان کے ساتھ مل کر امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا، اس دوران ایک خاتون کو زخمی حالت میں نکال لیا گیا جب کہ اس افسوسناک حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں ایک خاتون اور 3 مرد شامل ہیں جن کی نعشوں کو نکال کر آبائی گاؤں جھنگ روانہ کر دیا گیا۔ چند روز قبل سعودی عرب سے عمرہ کے بعد واپس آئی فیملی کی گاڑی کو پیش آئے حادثے میں 5 افراد جاں بحق اور 8 زخمی ہو گئے، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے ایئرپورٹ سے گوجرانوالہ کے لیے روانہ ہونے والی فیملی کی گاڑی کو سحری کے وقت راولپنڈی میں روات ٹی چوک کے قریب حادثہ پیش آیا، جس میں خاتون سمیت 5 افراد جاں بحق اور 8 زخمی ہو گئے، مبینہ طور پر حادثہ ڈرائیور کو نیند آنے کی وجہ سے ہوا۔ بتایا جاتا ہے کہ حادثے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والوں میں ہائی ایس گاڑی کا ڈرائیور بھی شامل ہے، 8 زخمیوں میں 4 خواتین ہیں جب کہ جاں بحق افراد میں ایک ہی خاندان کے 4 افراد شامل ہیں، جاں بحق ہونے والوں میں 45 سالہ مہرین، 28 سالہ دانش، 52 سالہ میاں ادریس، 62 سالہ حاجی شفیق اور 65 سالہ حاجی نذیر شامل ہیں جب کہ زخمیوں کے نام ریحانہ، عشور، ارحم، ہما عمران، ارسام اور کنیز بتائے گئے ہیں۔ علاقہ پولیس نے بتایا کہ گاڑی روات چوک کے قریب 22 ویلر ٹرالر سے ٹکرائی اور حادثے کا شکار ہونے والی گاڑی مکمل طور پر تباہ ہو گئی، ریسکیو 1122 نے اطلاع ملنے پر فوری جائے وقوع پر پہنچ کر گاڑی میں پھنسے ہوئے افراد کو باہر نکالا، زخمیوں اور لاشوں کو پمز ہسپتال منتقل کر دیا گیا، اسلام آباد پولیس نے متاثرہ گاڑی کو تحویل میں لے کر حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تفتیش کا آغاز کر دیا۔

بقیہ 12

بورڈ، سیکرٹریز زراعت، لائیوسٹاک، آبپاشی، خزانہ اور پنجاب بینک کے حکام پر مشتمل ٹیم پیکیج کیلئے سفارشات تیار کرے گی۔ پیکج کے تحت ہر ڈویژن میں ماڈل زرعی مارکیٹ کے قیام کیلئے بھی پائیدار پلان طلب کیا گیا ہے، ماڈل زرعی مارکیٹ میں کسانوں کیلئے پیسٹی سائیڈز، زرعی آلات، کھاد اور بیج میسر ہوں گے۔

بقیہ 13

رکھا، کیا چیئرمین پی ٹی آئی وکیل جیفری رابرٹس کو اپنی جیب سے فیس دیگا انہوں نے کہا کہ صیہونی اور دیگر بین الاقوامی لابیاں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو اسپانسر کر رہی ہیں، 9 مئی کے واقعے کے پیچھے بھی ان لابیوں کا ہاتھ ہے اور یہی لابیاں عالمی عدالت میں چیئرمین پی ٹی آئی کو وکیل کر کے دے رہی ہیں۔ 9 مئی کے بعد سے پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان سمیت پارٹی رہنماؤں پر کیس کیے گئے ہیں جو پاکستانی عدالتوں میں زیر سماعت ہیں جن میں سے بہت سے رہنماؤں کو گرفتار کیا گیا ہے تو بہت سے رہنماؤں نے پارٹی سے علیحدگی اختیار کر لی ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو 5 اگست کو توشہ خان کیس میں گرفتار کر کے اٹک جیل منتقل کیا گیا تھا تاہم بعد میں انہیں 19 اگست کو سائفر گمشدگی کیس میں بھی گرفتار کر لیا گیا تھا، اسلام آباد ہائیکورٹ کی جانب سے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی 3 سال کی سزا معطل کر دی تھی تاہم سائفر کیس میں گرفتاری کے باعث ان کی جیل سے رہائی ممکن نہ ہو سکی۔ پی ٹی آئی نے عمران خان کے خلاف مقدمات بین الاقوامی عدالتوں میں بھی لڑنے کا فیصلہ کیا اور اس حوالے سے چیئرمین پی ٹی آئی نے بیرسٹر جیفری رابرٹسن کو اپنا وکیل مقرر کیا تاہم بعد ازاں شدید دباؤ کے پیش نظر پی ٹی آئی نے جیفری رابرٹسن کی خدمات واپس کرنے کا فیصلہ کر لیا۔

بقیہ 14

محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ ملک کے میدانی علاقوں میں آج موسم گرم اور مرطوب رہے گا، تاہم اسلام آباد میں تیز ہواؤں کے ساتھ بادل برسنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق خیبر پختونخوا اور پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور مرطوب رہے گا، تاہم چترال، بنیر، مانسہرہ، بالاکوٹ، خیبر، کوہاٹ، وزیرستان، مری، گلیات، راولپنڈی، اٹک، جہلم، چکوال، میانوالی اور سرگودھا میں بارش کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں آج موسم گرم اور مرطوب رہے گا، جب کہ گلگت بلتستان اور کشمیر میں مطلع جزوی ابر آلود اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

بقیہ 15

پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 04 ملزمان کو گرفتار کیا، گرفتار ملزمان میں تصور، دانش، عاقب اور علی حسن شامل ہیں۔ ملزمان سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، متعدد وارداتوں کے انکشاف پر ملزمان کو شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا گیا۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ شہریوں کو انکے قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 16

جب کہ 150 کلومیٹر کے دریائی بیلٹ میں سیلابی ریلے نے تباہی مچائی ہے، جہاں سیلاب سے ایک لاکھ 66 ہزار سے زائد افراد بے گھر ہو کر نقل مکانی کر چکے ہیں۔ بہاولنگر کی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سیلاب سے ہونے والے نقصانات کے حوالے سے جاری کردہ سرکاری اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ سیلاب کے باعث ایک لاکھ 60 ہزار ایکڑ سے زائد اراضی پر کھڑی فصلیں تباہ ہو چکی ہیں، 17 ہزار 549 گھروں کو مکمل یا جزوی طور پر نقصان پہنچا، 157 دیہات سیلابی پانی سے متاثر ہوئے، سیلاب کی وجہ سے متعدد عارضی حفاظتی بند ٹوٹ گئے اور رابطہ سڑکیں پانی میں بہہ گئیں۔ معلوم ہوا ہے کہ دریا پر بنائے ہوئے حفاظتی بند اور سڑکیں ٹوٹنے کی وجہ سے 100 سے زائد آبادیوں کا زمینی رابطہ منقطع ہو چکا ہے، درجنوں آبادیاں تاحال پانی کی لپیٹ میں ہیں، دریائی علاقے میں قائم 43 اسکول سیلاب کی وجہ سے متاثر ہوئے ہیں، سیلاب زدہ علاقوں کے 18 فیڈرز سے بجلی کی سپلائی متاثر ہوئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار میں بتایا گیا ہے کہ نقل مکانی کرنے والے افراد شدید مشکلات سے دوچار ہیں، ریسکیو ٹیموں نے اب تک پانی میں پھنسے 13 ہزار افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے قائم 30 فلڈ ریلیف کیمپس میں سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، متاثرین بھی اپنی مدد آپ کے تحت امدادی کاموں میں مصروف ہیں۔

بقیہ 17

ٹرک پر ہوں گی، اس احتجاجی تحریک میں چیئرمین پی ٹی آئی بھی ہمارے ساتھ ہو سکتے ہیں۔ ادھر الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے ملک بھر میں آئندہ عام انتخابات کا شیڈول تیار کر لیا گیا ہے، جس کے تحت جنوری 2024ء کی 27 سے 30 کے درمیان کی کوئی تاریخ الیکشن کے لیے مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جن میں 28 جنوری کو ملک بھر میں عام انتخابات کروائے جانے کا امکان ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ الیکشن کمیشن نے نئی حلقہ بندیوں کا دورانیہ بھی کم کر دیا ہے، الیکشن کمیشن نے حلقہ بندیاں 30 نومبر تک مکمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس حوالے سے الیکشن کمیشن کے اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا، اعلامیے میں کہا گیا کہ 30 نومبر کو حلقہ بندیوں کی حتمی اشاعت کی جائے گی، جتنا جلد ہو سکا حلقہ بندیاں مکمل کی جائیں گی، حلقہ بندیوں کی تاریخ مد نظر رکھ کر الیکشن کی تاریخ کا اعلان ہوگا، حلقہ بندیاں کے دورانیے کو کم کرنے کا مقصد جلد الیکشن کا انعقاد ممکن بنانا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا کہ حلقہ بندی دورانیہ محدود کر کے انتخابی شیڈول کا اعلان کریں گے، آرٹیکل ای 140 کے تحت الیکشن کمیشن صوبوں کے لوکل گورنمنٹ قوانین کے مطابق انتخابات کروانے کا پابند ہے، صوبہ جات اور حکومتیں الیکشن کروانا نہیں چاہتے، الیکشن کمیشن جب انتخابات کے انعقاد کے لیے انتظامات مکمل کر لیتا ہے تو قوانین میں تبدیلی کر دی جاتی ہے، اسلام آباد میں یہی ہوا اور مزید انتقال کر جانے والے ووٹرز کے نام انتخابی فہرستوں سے خارج کرنے کے لیے الیکشن کمیشن نے نادرا اور یونین کونسل سے دستاویزات لے کر انتخابی فہرستوں سے ان کا اخراج یقینی بنایا ہے اور یہ کام مستقل بنیادوں پر جاری ہے۔

بقیہ 18

ن کے رہنماؤں اور خواتین کارکنان کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ مسلم لیگ ن لاہور کے صدر سیف کھوکھر نے کہا کہ نواز شریف 15 اکتوبر کو پاکستان آ رہے ہیں، ان کا لاہور میں تاریخ ساز استقبال ہوگا، ان کی وطن واپسی سے قبل شہر کے تمام حلقوں میں کنونشن ہوں گے۔ اس حوالے سے سینئر تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ نواز شریف کے پاس چوائس ختم ہو گئی ہے، اب ان کے پاس واپس نہ آنے کی کوئی وجہ نہیں ہے، ن لیگ اور نواز شریف اس وقت اسٹیبلشمنٹ کی بی ٹیم بنے ہوئے ہیں، پیپلز پارٹی بھی اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ملی ہوئی ہے، سینئر صحافی حفیظ اللہ نیازی کہتے ہیں کہ نواز شریف نے واپسی کا فیصلہ دباؤ بڑھانے کے لیے کیا، چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی موجودگی ایک وجہ تھی وہ بھی ستمبر میں ریٹائر ہو رہے ہیں، نواز شریف کے لیے ابھی بھی سیاست میں جگہ نہیں ہے جب کہ صحافی اعزاز سید کا خیال ہے کہ پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ نواز شریف کی واپسی نہیں بلکہ مہنگائی اور بجلی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر اور سابق وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ فیصلہ ہوا ہے نواز شریف اکتوبر میں پاکستان آ کر انتخابی مہم کی قیادت کریں گے، نواز شریف پاکستان آ کر قانون کا سامنا کریں گے، نواز شریف کو پانامہ میں سازش کے ذریعے ملوث کیا گیا، پانامہ میں نواز شریف کا نام دور دور تک نہیں تھا، پانامہ لیکس میں ساڑھے 400 افراد تھے، ایک بنچ نے پانامہ سے اقامہ کا فیصلہ کیا، نواز شریف کے خلاف بدنیتی پر مبنی فیصلہ دیا گیا، نواز شریف کے خلاف کیسز کی حقیقت سامنے آ چکی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہم نے آئین کے مطابق اسمبلیاں توڑ دیں، اب الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے کہ عام انتخابات ہوں، مشاورت سے طے پایا کہ نواز شریف اکتوبر میں پاکستان آئیں گے، الیکشن میں انتخابی مہم کی قیادت کریں گے، دعا ہے اللہ تعالیٰ بعض افراد کو ہدایت دے، اڈیالہ جیل میں نواز شریف اور ان کی بیٹی کو زمین پر سلایا گیا، این سی اے میں مجھے اور نواز شریف کو کلین چٹ ملی لیکن چیئرمین پی ٹی آئی اور شہزاد اکبر نے قوم کا کروڑوں روپیہ ضائع کیا۔

بقیہ 19

بورڈز کے زیراہتمام صوبہ بھر میں انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو سیکنڈ اینول 2023 امتحان 20 اکتوبر 2023 سے شروع ہوں گے جس کیلئے داخلہ فارمز جمع کرانے کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ اس ضمن میں پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرپرسنز کی سیکرٹری ڈاکٹر بشریٰ بی بی کی جانب سے جاری کئے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق انٹرمیڈیٹ سیکنڈ اینول امتحان میں شرکت کرنے کے خواہشمند طلبا و طالبات سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم 14 ستمبر سے 25 ستمبر تک، دوگنا فیس کے ساتھ 26 ستمبر سے 29 ستمبر تک اور تین گنا فیس کے ساتھ 30 ستمبر سے 3 اکتوبر 2023 تک جمع کرا سکیں گے جبکہ آخری تاریخ کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول سیکنڈ ایئر (بارہویں جماعت) کا سالانہ امتحان 2024 بھی 15 اپریل 2024 سے شروع کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سلسلہ میں مزید معلومات یا رہنمائی کیلئے متعلقہ بورڈ کی انٹرمیڈیٹ امتحانی برانچ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 20

آئی پی پیز کے غلط معاہدوں کی وجہ سے بجلی کا بل ادا کریں گے، اعلان ہوا ہے جن لوگوں نے بل ادا نہیں کئے ان کے میٹر کاٹ دیئے جائیں گے، ہم کسی بھی کمپنی کو لوگوں کے میٹر اتارنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ان کا میٹر ریڈر کسی بنگلے، جاگیردار یا سرمایہ کار کے دروازے پر دستخط نہیں دے سکتا، غریب اور مظلوم لاوارث نہیں، اس کے وارث ہیں، ہم کہتے ہیں چوری کے دروازے بند کرو، لائن لاسز کا بوجھ عوام پر نہ ڈالو۔ سراج الحق نے مزید کہا ہماری جدوجہد ظلم اور استحصال کے خلاف جاری رہے گی، انہوں نے قوم کا سودا کیا ہے، جماعت اسلامی نے وائٹ پیپر لانے کا بھی فیصلہ کیا ہے، بھارت نے چاند پر قدم رکھا اور ہماری حکومت نے ہمارے کندھوں پر قدم رکھا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا آئی پی پیز معاہدوں کا 100 فیصد فائدہ کرپٹ اشرافیہ کو ہے، ہم ان معاہدوں کو مسترد کرتے ہیں، معاہدوں کی تفصیل لیں گے اور اس کے خلاف سپریم کورٹ میں جائیں گے، چوری آپ کریں اور بل ہم ادا کریں، یہ نظام نہیں چلے گا، آئی پی پیز کے معاہدوں کا نقصان عوام کو ہو رہا ہے۔ سراج الحق نے کہا ملک بھر میں کی جانے والی ہڑتال نے پیغام دیا ہے ان معاہدوں کو نہیں مانتے جو سابق حکومتوں نے کئے، وزارت عظمیٰ کا ہنی مون ابھی جاری ہے، ہمارے پڑوسی ممالک میں بجلی پاکستان سے سستی ہے، حکومت کا ارادہ بجلی کا فی یونٹ 90 روپے کرنے کا ہے، یہاں پٹرول اور ڈیزل مافیا کا راج ہے۔

بقیہ 21

کلرسیداں پولیس نے ملزم تصور سے 01 پستول 09mm معہ ایمونیشن، ملزم عاقب سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم دانش سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم علی حسن سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، گوجر خان پولیس نے ملزم بلال سے 02 پستول 09mm معہ ایمونیشن، ملزم کبیر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، پیرودھائی پولیس نے ملزم خرم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم سرتاج سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، دھمیال پولیس نے ملزم ثاقب سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز، ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے

بقیہ 22

جمعہ خان نامی شخص کے گھر کی بوسیدہ دیوار گرنے سے تین بچے دیوار کے نیچے دب کر زخمی ہو گئے، جن کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد کے بعد سول ہسپتال ڈیرہ منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 23

جانب سے فلڈ ریلیف کیمپ قائم کر دیا گیا

بقیہ 24

سے بنیادی ٹیرف اور ملٹی ایئر ٹیرف بڑھانے میں تاخیر کے باعث نوٹیفکیشن 26 جولائی کو جاری ہوا۔ ذرائع کے مطابق 26 جولائی کے نوٹیفکیشن سے قبل 75 فیصد صارفین کو پرانے ٹیرف کے تحت بلز بھیجے جا چکے تھے، جولائی اور اگست کے بل ایک ساتھ آئے تو صارفین پر بوجھ بڑھا۔ واضح رہے کہ بجلی کے بلوں اور مہنگائی کے خلاف مختلف تاجر تنظیموں کی جانب سے گزشتہ روز ملک بھر میں احتجاج اور ہڑتال کیا گیا۔ کراچی، پشاور، سرگودھا، شیخوپورہ سمیت ملک بھر میں چھوٹے بڑے تجارتی مراکز بند رہے۔

بقیہ 25

ڈھکن چوری کر رہے ہیں، چور مافیا ہمارے لیے مسائل کھڑے کر رہی ہے، کوئی شخص اس مافیا کو کنٹرول کرنے کی بات نہیں کرتا۔ میئر کراچی کا کہنا تھا کہ سی او ڈی پر ہماری طرف سے ڈھکن ہیں، روز ٹیم بیٹھ رہی ہے مگر لوگ ڈھکن لینے نہیں آ رہے، ابھی تک کسی نے حل پیش نہیں کیا، نعرے اور بینرز لگانے سے مسائل حل نہیں ہوں گے، آئیں ہمارے ساتھ بیٹھ کر ایسے واقعات کی روک تھام کریں۔

بقیہ 26

کہا کہ رواں سال راولپنڈی میں ڈینگی کے کل 260 مریض رپورٹ ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال ملتان میں ڈینگی کے کل 164 مریض رپورٹ ہوئے، رواں سال فیصل آباد میں ڈینگی کے کل 109 مریض رپورٹ ہوئے۔

بقیہ 27

گھس کر فائرنگ کی، اور اہلکار موقع پر ہی دم توڑ گیا اور فائرنگ کی زد میں آ کر لیویز اہلکار کی اہلیہ بھی شدید زخمی ہو گئی۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس، لیویز اور ریسکیو کے رضا کار جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور جاں بحق اہلکار کی لاش اور زخمی خاتون کو آر ایچ سی منگچر منتقل کر دیا گیا، علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا

بقیہ 28

روزانہ کی بنیاد پر مینٹیننس کرنے کی ہدایات جبکہ عملہ تجاوزات کو سختی سے متنبہ کیا گیا کہ شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر انفورسمنٹ ٹیمیں آپریشن جاری رکھیں اس حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر نے بتایا ہے نالوں کی صفائی کے حوالے سے جو ایشو آ رہے تھے اس پر نالہ ٹیموں کو متحرک کر دیا گیا ہے جو روزانہ کی بنیاد پر نالوں کی صفائی کر کے علاقے کو کلیئر کریں گی کسی بھی عوامی ایشو پر غفلت اور لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی آر ڈبلیو ایم سی کے عملے کو بھی سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر گلی محلوں سے کوڑے کرکٹ کو اٹھائیں جبکہ شہر میں پانی کے نظام کو مزید بہتر کیا جا رہا ہے جن ایریاز میں پائپ وغیرہ لیک تھے وہاں مینٹیننس کے ساتھ نئے پائپ ڈالے جا رہے ہیں جبکہ اتفاق سی این جی سے ملحقہ آبادی کے پانی کے مسئلے کے حل کے لیے نئی پائپ لائن بچھائی جا رہی ہے جبکہ سٹریٹ لائٹ عملہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر گلی محلوں میں جا کر لائٹس وغیرہ کو چیک کریں جہاں خرابی ہو اس کو فوری حل کر کے سٹریٹ لائٹ کا نظام بہتر کیا جائے جبکہ شہر بھر سے تجاوزات کے خاتمے کے لیے شعبہ تجاوزات کو سختی سے ہدایت کی گئی راستوں میں کسی صورت تجاوزات نہ ہونے دے تاکہ آمد و رفت با آسانی ہو سکے تجاوزات مافیا کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ان کے خلاف سخت کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے مزید برآں انہوں نے کہا کہ شہر بھر کے مسائل اور دیگر معاملات پر مکمل نظر ہے کوئی بھی عوامی شکایت ہو اس پر فوری ایکشن لیا جاتا ہے شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے میرے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے

بقیہ 29

پاکستان کے عوام کو یہ پیغام دیا کہ پرامن رہتے ہوئے بھی ظلم و جبر کے خلاف آواز اٹھائی جا سکتی ہے اور ظلم کرنے والے ہاتھوں کو کمزور کیا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ 30 اور 31 اگست کی رات اسلام آباد میں انصاف کے بول بالا کے لئے قربانیاں دینے والے کارکنان کی جرات اور جذبہ حب الوطنی کو سلام پیش کرتے ہیں اور جام شہادت نوش کر جانے والے عظیم کارکنان کی بلندی درجات کے لئے دعا گو ہیں، انہوں نے کہا کہ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری مبارک باد کے مستحق ہیں کہ جنھوں نے اپنے کارکنوں کو ہر نازک سے نازک موقع پر قانون کے احترام کی تعلیم دی اور آج کے دن تک عوامی تحریک کا کوئی کارکن کسی ایسی سرگرمی کا حصہ نہیں بنا جو ماورائے قانون و اخلاق ہو۔ ہمیں سو شکوے ہو سکتے ہیں مگر یہ ملک ہمارا ہے ہم اس ملک اس کی نظریاتی حدود روایات اور اس ملک کے اثاثوں کے محافظ ہیں پرامن رہتے ہوئے اپنا مافی الضمیر بیان کرنا ہر شہری کا آئینی بنیادی حق ہے۔

بقیہ 30

انضمام اور جدت کو فروغ دیتے ہوئے فنی تعلیم کے معیار اور مطابقت کو بڑھانا چاہتی ہے۔ اس اتحاد کا بنیادی مقصد صنعتی تقاضوں کے مطابق اعلیٰ ہنر مند انسانی وسائل پیدا کر کے شریک اداروں کو عالمی پہچان کی طرف بڑھانا ہے۔ اپنی مہارت اور وسائل کو یکجا کر کے، NUTECH، GIKI، اور NED تکنیکی منظرنامے میں اہم شراکت کرنے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 31

کا سلسلہ خدمت کے کام کے تسلسل کو روکنے کیلئے شروع ہوا، ایم کیو ایم پاکستان عدم تشدد کی پالیسی پر گامزن ہے۔

بقیہ 32

شہری کو قتل اور پولیس کانسٹیبل کو زخمی کرنے والے ملزمان موقعہ سے فرار ہو گئے تھے، جن میں سے ایک ملزم بھی زخمی تھا، نعش کی شناخت ساجد اقبال کے نام سے ہوئی ہے، ساجد اقبال عرف بابو راولپنڈی اور دیگر اضلاع میں ڈکیتی، ناجائز اسلحہ اور منشیات کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ و سزا یافتہ ہے، گزشتہ رات زخمی ہونے والے کانسٹیبل جہانزیب نے بھی نعش کی شناخت کی ہے کہ یہ وہی ڈاکو ہے جس نے گزشتہ رات واردات کے دوران ساتھی کے ساتھ مل کر شہری پر فائرنگ کر کے اسے قتل کیا تھا، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ واقعہ میں ملوث دوسرے ملزم کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا۔

بقیہ 33

لیٹر شراب، بنی پولیس نے ملزم قاسم سے 10 لیٹر شراب، نیو ٹاؤن پولیس نے ملزم جوئیل سلیم سے 07 لیٹر شراب، نصیر آباد پولیس نے ملزم ریاض سے 07 لیٹر شراب، ملزم نوید سے 06 لیٹر شراب، رتہ امرال پولیس نے ملزم سٹیفن سے 05 لیٹر شراب، آرائے بازار پولیس نے ملزم پطرس سے 05 لیٹر شراب، ملزم سلمان سے 05 لیٹر شراب، ملزم پرویز سے 05 لیٹر شراب برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ایس ایس پی آپریشنز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کیا جا رہا ہے، شراب سپلائرز قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکت

بقیہ 34

میں بتایا گیا ہے کہ برقی مشینری اور آلات کی درآمد میں جولائی کے دوران سالانہ بنیاد پر 28 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، جولائی میں برقی مشینری اور آلات کی درآمد پر 174 ملین ڈالر زرمبادلہ خرچ ہوا جو گزشتہ سال جولائی کے مقابلے میں 28 فیصد کم ہے۔ اعداد و شمار سے معلوم ہوا ہے کہ ملک میں خوردنی تیل کی درآمدات میں رواں مالی سال کے پہلے مہینہ میں کمی کا ریکارڈ ہوئی، جولائی میں پام آئل کی درآمدات میں 5.40 فیصد اور سویابین آئل کی درآمدات میں 6.82 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی، تاہم افغانستان کو پاکستان سے ہونے والی ایکسپورٹ کے حجم میں جاری مالی سال کے پہلے مہینے کے دوران نمایاں اضافہ دیکھا گیا، کیوں کہ جولائی 2023ء میں افغانستان کو 42.173 ملین ڈالر کی برآمدات ہوئیں جو گزشتہ سال جولائی کے مقابلے میں رواں برس 32.79 فیصد کا اضافہ ہے۔

بقیہ 35

ہو گیا، واقعہ میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ فائر افسر نے کہا کہ آگ لگنے کی وجوہات تاحال معلوم نہ ہو سکیں۔ شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ آگ شارٹ سرکٹ کے باعث لگی ہوگی تاہم کچھ بھی کہنا قبل از وقت ہوگا۔

بقیہ 36

قریشی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موبائل کی بے جا استعمال کی وجہ سے چھوٹوں بڑوں کی آنکھیں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں، ڈاکٹر طاہر القادری کی تنظیمات کی رفاہی خدمات کی ایک دنیا معترف ہے نفسا نفسی کے اس دور میں مخلوق خدا کی خدمت کرنے والے لوگ قابل تعریف ہیں، گھروں کے قریب مریضوں کو مفت طبی سہولتیں پہنچانے پر الشفاء ٹرسٹ آئی ہسپتال اور منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کے شکر گزار ہیں۔ اس موقع پر ضلعی ڈائریکٹر منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن مظہر الحق نے بتایا کہ ڈاکٹر طاہر القادری نے ہمیشہ محبت، اخوت اور خدمت انسانیت کا درس دیا، آپ نے ہر مشکل مرحلے پر ملک و ملت کی بہترین راہنمائی کی، بدعنوان مقتدر طبقات کی وجہ سے پاکستان اس وقت بدترین معاشی بدحالی کا شکار ہے، بمشکل کے اس دور میں سب ایک دوسرے کا خیال رکھیں اور اپنے اردگرد غربت کے شکار افراد کی بھرپور مدد کریں کیمپ سے مستفید ہونے والے مرد و خواتین نے منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کا کارکنان کو ڈھیروں دعاؤں سے نوازا

بقیہ 37

خان نے کہا کہ اعلیٰ افسران کو شکایت کی ہے کہ ہمیں تیل نہیں مل رہا جس کی وجہ سے ہم نے اپنا آپریشن بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریجنل سیکرٹری سلمان کا کہنا تھا کہ تین مہینوں سے ہمیں تیل نہیں مل رہا ہے جس سے فیلڈ آپریشن متاثر ہو رہا ہے۔ واپڈا کی آپریشنل گاڑیوں کو پٹرول کی عدم فراہمی بجلی کی ترسیل میں آنے والے مسائل کے حل میں رکاوٹ ثابت ہو رہی ہے۔

بقیہ 38

قیمت 22 ہزار روپے اور 18 ہزار کی سائیکل کی قیمت 35 ہزار روپے تک پہنچ گئی ہے۔ ابتر معاشی صورتحال کے باعث مقامی طور پر سائیکلیں بنانے والے معروف برانڈز کی تین بڑی فیکٹریاں بند ہو چکی ہیں جس کے باعث اب زیادہ انحصار درآمدی سائیکلوں پر ہے۔ ڈالر کی قیمت میں بے تحاشا اضافے کی وجہ سے درآمدی سائیکلوں کی قیمتوں میں ناقابل برداشت حد تک اضافہ ہو گیا ہے جبکہ رہی سہی کسر سائیکلوں کی درآمد پر عائد کیے جانے والے 17 فیصد سیلز ٹیکس نے پوری کر دی ہے

بقیہ 39

نفرت کو بڑھائے گی، بات چیت کی ضرورت ہے اور بات چیت سے ہی حل نکلے گا، سیاست میں کبھی بھی بات چیت کے دروازے بند نہیں کیے جاتے۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ عدلیہ کے فیصلوں کو بھی نہیں مانا جا رہا، اس وقت پاکستان کو سیاسی استحکام کی اشد ضرورت ہے استحکام نہیں آئیگا تو حالات سنگین اور گھمبیر ہو جائیں گے، ستمبر اہم ترین مہینہ ہے دیکھنا ہے یہ ستمگر ہوگا یا عوام کے لیے خوش آئند ثابت ہوتا ہے۔

بقیہ 40

ادائیگی یقینی بنائی جائے۔ جس پر شکایت کنندہ کو واجبات کی مد میں 10 لاکھ 91 ہزار 929 روپے بطور پنشن، 3 لاکھ 60 ہزار 240 روپے بطور لیو انکیشمنٹ 8 لاکھ 11 ہزار 53 روپے بطور جی پی فنڈ جو کل ملا کے 25 لاکھ 24 ہزار 8 سو 32 روپے بنتے ہیں کی ادائیگی عمل میں لائی جا چکی ہے۔

بقیہ 41

سے جوڈیشل ٹریبونل نے ڈی پی او اور پولیس کو اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے کسی بھی معاملے میں مداخلت کرنے سے روک دیا گیا خیال رہے کہ گزشتہ دنوں اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں مبینہ طور پر منشیات اور ممنوعہ ادویات سمیت دیگر غیر قانونی کاموں کا معاملہ سامنے آیا تھا۔ پولیس نے یونیورسٹی کے چیف سکیورٹی آفیسر اعجاز شاہ اور ڈائریکٹر فنانس محمد ابوبکر کو گرفتار کیا تھا، ملزمان سے کرسٹل آئس اور ممنوعہ جنسی ادویات برآمد ہوئی تھیں۔

بقیہ 42

کر کے ورثا کے حوالے کر دیا بچے کی شناخت محمد انس ولد محمد فاروق کے نام سے ہوئی جو کہ 25 ٹوائیل اڈا کسان کا رہائشی تھا۔

بقیہ 43

مزید کہنا تھا کہ اب سمجھ آ گئی ہوگی کہ بشریٰ بی بی کیوں دوست ملک کی اہم شخصیت سمیت مختلف لوگوں سے ڈیل کیلئے ملاقاتیں کرتی رہی ہیں۔

بقیہ 44

جے یو آئی کے مولانا عنایت اللہ اور آزاد امیدوار بھی مد مقابل ہیں۔

بقیہ 45

دماغی توازن ٹھیک نہیں ہے، خاتون نے نومولود کو عمارت کی پانچویں منزل سے پھینکا تھا۔ پولیس کا بتانا ہے کہ خاتون طلاق یافتہ ہے اور اپنے بھائی کیساتھ رہتی تھی جبکہ بچی کی پیدائش گھر پر ہوئی تھی جسے خاتون نے عمارت سے پھینک دیا تھا۔

بقیہ 46

تک پہنچ گئی ہے۔ ادھر بلوچستان سے 200 میٹرک ٹن سے زائد چینی سمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی گئی، چینی 31 چھوٹی بڑی گاڑیوں میں چھپائی گئی تھی، تاہم ایف سی بلوچستان (نارتھ) نے صوبے میں انسداد اسمگلنگ کی کارروائیوں کے دوران مستونگ کے نواحی علاقے شیخ واصل سے 210.35 میٹرک ٹن چینی برآمد کر لی، برآمد شدہ چینی 31 چھوٹی بڑی گاڑیوں میں چھپائی گئی تھی جسے افغانستان اسمگل کیا جا رہا تھا کہ اس دوران ایف سی نے خفیہ اطلاعات پر بروقت کارروائی کی اور چینی کی کھیپ قبضے میں لے کر کسٹم حکام کے حوالے کر دی۔ بتایا جاتا ہے کہ ایف سی نے رواں برس بلوچستان کے مختلف علاقوں میں کئی غیر قانونی اشیاء کی اسمگلنگ ناکام بنائی، جن میں 2253 میٹرک ٹن چینی، 1307 میٹرک ٹن گندم، 2061 میٹرک ٹن یوریا کھاد اور ایک میٹرک ٹن سے زائد منشیات شامل ہیں۔ اس حوالے سے ژوب، پشین، مستونگ، نوشکی اور چمن کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔

بقیہ 47

نامعلوم شرپسندوں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا جبکہ علاقے میں مزید نفری تعینات کی جا رہی ہے۔ مقامی زمیندار سید علاؤ الدین آغا نے بتایا ہے کہ جرائم پیشہ افراد نے زمینداروں کو بھتے کی پرچیاں بھی بھیجی ہیں، سندھ اور پنجاب پھل سپلائی کرنے والے ٹرانسپورٹرز کو دفاتر بند کرنے کی دھمکیاں ملیں جس کے باعث زرعی سیزن میں پھل اور سبزیوں کی سپلائی متاثر ہوئی۔

بقیہ 48

جا رہی تھی کہ رات کے وقت شدید بارش کے دوران پھسلن کے باعث سیکڑوں فٹ نیچے دریائے نیلم میں جا گری، جس کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے 4 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا۔

بقیہ 49

۔اس سال کی پروقار مشقوں میں پاکستان، امریکہ، بھارت، سعودی عرب، یونان اور قطر سمیت کل 34 ممالک حصہ لے رہے ہیں۔ پیچیدہ سیکیورٹی ماحول اور عصر حاضر کے تزویراتی چیلنجز کی روشنی میں برائٹ اسٹار 2023 جیسی مشقیں پاک فضائیہ کے دوست ممالک کے ساتھ تعاون کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ عسکری تعلقات کو مضبوط کرنے کے ساتھ ساتھ یہ مشق جنگ اور جنگ میں معاون وسائل کے مربوط استعمال کو پرکھنے کا موقع فراہم کرے گی۔ یہ مشق عصر حاضر کے خطرات کے خلاف جامع حکمت عملی وضع کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی توثیق کا بھی موقع فراہم کرے گی تاکہ مستقبل میں کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیاری کو یقینی بنایا جا سکے۔ پاک فضائیہ اس بین الاقوامی مشق کی کامیابی میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیئے پرعزم ہے۔ اس طرح کی کاوشیں پاک فضائیہ کی جانب سے علاقائی استحکام، بین الاقوامی تعاون اور عسکری صلاحیتوں کے فروغ کے لیئے کیے گئے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ (ترجمان پاک فضائیہ)

بقیہ 50

پر انفراسٹرکچر بنانے پر کام کر رہے ہیں، ان میں سے کچھ مقامات یہ ہیں۔ محکمہ سیاحت خیبرپختونخوا حکام کے مطابق سوات کے علاقے سے بحرین جاتے ہوئے سیرئی کے مقام سے پیدل سفر کرتے ہوئے ایک خوبصورت چراہ گاہ چوگیل میڈوز ہیں، جہاں قدرتی آبشاروں اور ہریالی کے منفرد نظارے آپ کو ایک نئے جہاں میں لے جاتی ہے۔ ان خوبصورت آبشاروں کے عقب میں برف پوش پہاڑ کا نظاروں سے بھی ہر موسم میں لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ محکمہ سیاحت خیبرپختونخوا حکام کے مطابق وادی سوات میں گبین جبہ ایک نیا سیاحتی مقام ہے جسے 2019 میں صوبائی حکومت نے نئے سیاحتی زون میں شامل کیا ہے۔ گبین جبہ مینگورہ سے 65 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے جہاں سرسبز میدان، قدرتی چشمے، آبشاریں اور برف پوش پہاڑ موجود ہیں۔ نئی جگہیں تلاش کرنے والے سیاحوں کے لیے گبین جبہ ایک زبردست سیاحتی مرکز ہے۔ محکمہ سیاحت خیبرپختونخوا حکام کے مطابق جھیل سیف الملوک جانے کے لیے ہر بندہ تیار ہوتا ہے لیکن اس سے ہی تھوڑا ہٹ کر دودو پت سر جھیل ہے لیکن پیدل راستہ اور تھوڑا سائیڈ پر ہونے کی وجہ سے یہاں بھی بہت کم لوگ جاتے ہیں، لیکن اب ٹریک بن چکا ہے اگر کوئی موسم گرما میں دودو پت سر جھیل کا پلان بنائے تو وہ یقیناً مایوس نہیں ہوں گے۔ محکمہ سیاحت خیبرپختونخوا حکام کے مطابق خیبرپختونخوا کے ضلع دیر میں کمراٹ ویلی آج کل سیاحوں کی توجہ کا مرکز ہے، کمراٹ ویلی کے بارے میں کچھ سال پہلے بہت کم لوگ جانتے تھے لیکن اب کمراٹ ویلی کی سوشل میڈیا پر پذیرائی کے بعد کمراٹ ویلی کی طرف بھی کافی زیادہ رجحان بن چکا ہے۔ محکمہ سیاحت خیبرپختونخوا حکام کے مطابق سوات سے 35 کلومیٹر کے فاصلے پر مہوڈنڈ جھیل سیاحوں کی توجہ کا مرکز بھی بن سکتی ہے۔ یہاں چھوٹی چھوٹی تین جھیلیں موجود ہیں اور بہت کم لوگ اس علاقے سے واقف ہیں، مہوڈنڈ جھیل کی طرف پیدل راستہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کی توجہ کافی کم ہے لیکن جھیل سیف الملوک کی طرح یہ جھیل بھی آنے والے دنوں میں سیاحوں کی توجہ کا مرکز بن سکتی ہے۔ گلیات ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے حکام نے بتایا کہ گلیات میں اب نئے مقامات کے لیے کام کیا جا رہا ہے جہاں انفراسٹرکچر پر کام شروع ہو چکا ہے، چھانگلہ گلی میں 20 آئیس ڈومز بنائے جا رہے ہیں جن پر کام کیا جا رہا ہے، مقامی دیہاتوں میں سیاحوں کے لیے مختلف پروگرام لانچ کر رہے ہیں تاکہ وہ مقامی دیہاتوں میں رہ کر ان کے کلچر سے روشناس ہو سکیں۔ انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اسٹڈیز ایگری کلچر یونیورسٹی پشاور سے وابستہ محقق محمد اسرار کا کہنا ہے کہ ایکو ٹورزم کی اصطلاح دنیا بھر میں بڑے پیمانے پر استعمال کی جا رہی ہے، جس کا مطلب سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کے ساتھ دلفریب مقامات کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ انسانی غیر ذمہ دارانہ سرگرمیوں سے قدرت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے۔ لہٰذا دنیا بھر میں حکومتیں ایسے سیاحتی منصوبوں پر کام کر رہی ہیں جن سے ایکو سسٹم کی حفاظت میں بھی مدد مل رہی ہے۔ محمد اسرار کے مطابق پاکستان میں حکومتی سطح پر سیاحت کے شعبے میں اصلاحات اور درست پالیسیوں کا فقدان ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ یہاں نجی شعبے کی معاونت سے کینیا، بھارت اور پیرو کی طرز کے سیاحتی ماڈل بنانے کی ضرورت ہے جو ان ممالک کی معیشت کی بہتری میں اہم کردار ادا کرنے کے ساتھ مقامی افراد کو ذاتی کاروبار سیٹ کرنے میں مدد بھی فراہم کرتے ہیں۔ شیریں زمان سیاحتی سفر کے شوقین ہیں اور پاکستان کے شمالی علاقہ جات کا چپہ چپہ چھان چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وہ چند دن پہلے ہی وادی نیلم میں پتلیاں جھیل کے قریب قائم بیس کیمپ میں قیام کر کے لوٹے ہیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ وہاں ٹینٹ ویلج سیاحوں کو بہترین سروس فراہم کر رہا ہے جن میں ہر طرح کی ورائٹی کے خوش ذائقہ پاکستانی کھانوں نے انہیں سب سے زیادہ متاثر کیا

بقیہ 51

جمع کروائے جبکہ گوجر خان میں 10 ہزار سے زائد افراد نے لرننگ بھی بنوائی ڈی ایس پی ملک اظہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک کے مسائل کو حل کرنے کے لیے محدود وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کے لیے آسانیاں پیدا کی جا رہی ہیں انہوں نے والدین کے نام پیغام دیتے ہوئے کہا کہ اپنے چھوٹے بچوں کو گاڑی موٹر سائیکل ہرگز چلانے کے لیے نہ دیں جبکہ شہری دوران سفر موٹرسائیکلز پر ہیلمٹ کا استعمال یقینی بنائیں ہیلمٹ آپکی زندگی کا محافظ ہے میں اور میرا سٹاف ہر وقت آپکی خدمت کے لیے کوشاں ہیں کسی بھی قسم کی شکایت کے لیے آپ بلا جھجک میرے آفس آ سکتے ہیں ہر خاص و عام کے لیے میرے دروازے کھلے ہیں

بقیہ 52

دوران ملازمت ملزم نے 80 لاکھ کا مال ہڑپ کر لیا، علم ہونے پر بازپرس کی تو اس نے چیک دیا جو کہ بوگس نکلا۔ منصور آباد کے غلام صابر نے بتایا کہ ملزم سلیم نے پروٹین کا خام مال خریدنے کیلئے اس سے 44 لاکھ روپے لیکر فرار ہو گیا، منافع دیا نہ رقم واپس کی۔ جھنگ بازار کے تاجر چوہدری محمد اسلام کے ملازم ملزم طیب نے 48 لاکھ روپے مالیت کا سامان ہڑپ کر لیا۔ علاوہ ازیں سمندری کے رہائشی عدنان شبیر نے بتایا کہ ملزم خالد پرویز نے کاروبار کرنے کیلئے 50 لاکھ کی رقم حاصل کی بعد ازاں رقم واپسی کا مطالبہ کیا تو چیک دیا جو کہ بنک سے کیش نہ ہو سکا۔

بقیہ 53

پلے کارڈز اٹھوا کر زبردستی احتجاج کروانے پر سی ای او ایجوکیشن نے سکول انتظامیہ کے خلاف انکوائری کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز گوجرہ منڈی میں واقع ایک نجی سکول کے معصوم بچوں نے بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا تھا بچوں نے اس مہنگائی کے خلاف پلے کارڈز بھی اٹھا رکھے تھے جن پر بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے خلاف نعرے بھی درج تھے نجی سکول کے بچوں کے اس احتجاج کی تصاویر اور ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے پر سی ای او ایجوکیشن وہاڑی چوہدری سعید احمد نے اسکا نوٹس لیتے ہوئے سکول انتظامیہ کے خلاف دو روز میں انکوائری رپورٹ مرتب کرنے کا حکم جاری کر دیا جس میں ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر بورے والا کو انکوائری آفیسر مقرر کر دیا ہے سی ای او ایجوکیشن کے جاری کردہ سرکلر کے مطابق سکول انتظامیہ نے معصوم بچوں کو پلے کارڈز پکڑا کر زبردستی احتجاج پر مجبور کیا جو محکمانہ قوانین کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 54

ملزم رئیس نے گھریلو تنازعے پر فائرنگ کر کے 4 افراد کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق مقتولین میں ملزم کے ماموں وقار، نانی، ممانی اور 4 سالہ کزن اذان شامل ہیں جبکہ واقعہ کے بعد ملزم کی لاش بھی ماموں کے گھر سے کچھ فاصلے پر پڑی ہوئی ملی۔ پولیس کے مطابق مقتولین کی لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، واقعہ کیسے پیش آیا اس حوالے سے کوئی اطلاعات نہیں البتہ واقعے سے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 55

پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 56

کر لی گئی ہے جب کہ ملزم کے ساتھ گرفتار دیگر ملزمان کے کردار اور واقعہ میں ملوث ہونے بارے تفتیش جاری ہے۔ چند روز قبل آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ جڑانوالہ کیخلاف قانون حرکت میں آیا، جڑانوالہ واقعات کے ذمہ داروں کو گرفتار کر لیا ہے، سانحہ جڑانوالہ کے 3 مرکزی ملزمان سمیت بیشتر ملوث افراد کو گرفتار کیا گیا، جو لوگ دشمن کا آلہ کار بنے ہیں انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں گے، متاثرہ گرجا گھروں کی از نو تعمیر جاری ہے، مسیحی خاندانوں کی مدد بھی کی جا رہی ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ قانون ہاتھ میں نہ لیں، ہم کہہ چکے ہیں کہ مسلمانوں اور مسیحیوں کو لڑانے کی کوشش کی جائے گی، یقین دلاتے ہیں اب ایسے واقعات نہیں ہوں گے، جڑانوالہ واقعہ میں ذاتی رنجش کو بھی استعمال کیا گیا، علمائے کرام اور سول سوسائٹی نے بہترین انداز میں اپنا کردار ادا کیا، سانحہ جڑانوالہ میں جے آئی ٹی بنائی گئی، 300 لوگوں سے تفتیش اور 180 افراد کو گرفتار کیا گیا

بقیہ 57

کے مہینے میں برقی مشینری اور آلات کی درآمد پر 174 ملین ڈالر زرمبادلہ صرف ہوا جو گزشتہ سال جولائی کے مقابلے میں 28 فیصد کم ہے۔ گزشتہ سال جولائی میں برقی مشینری اور آلات کی درآمد کا حجم 241 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ جون کے مقابلے میں جولائی میں برقی مشینری اور آلات کی درآمد میں ماہانہ بنیاد پر 48 فیصد نمو ریکارڈ کی گئی۔ جون میں برقی مشینری اور آلات کی درآمدات پر 117 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو جولائی میں بڑھ کر 174 ملین ڈالر ہو گیا۔ واضح رہے کہ مالی سال کے پہلے مہینے میں مشینری گروپ کی درآمدات میں سالانہ بنیاد پر 21 فیصد کی اور جون کے مقابلے میں ماہانہ بنیاد پر 20 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 58

کے دو بیٹے حسن اور حسین نواز، جبکہ دو بیٹیاں مریم اور اسماء نواز ہیں۔ بیگم کلثوم نواز کو تین دفعہ خاتون اول ہونے کا اعزاز حاصل رہا، جبکہ 12 اکتوبر 1999 کو جب میاں نواز شریف کی حکومت ختم کر دی گئی تو اس وقت بیگم کلثوم نواز نے مسلم لیگ (ن) کی قیادت سنبھالی، سابق وزیراعظم میاں نواز شریف جب پانامہ کیس میں نااہل ہوئے تو اس وقت ضمنی الیکشن کے لیے مسلم لیگ (ن) نے بیگم کلثوم نواز کو انتخابی میدان میں اتارا، بیگم کلثوم نواز کی انتخابی مہم کامیابی سے ان کی بیٹی مریم نواز نے چلائی۔ این اے 120 کے ضمنی انتخابات کی کامیابی کے باوجود وہ حلف نہیں اٹھا سکیں، بیگم کلثوم نواز کو گلے کے سرطان کی تشخیص ہونے کے بعد علاج کی غرض سے لندن کے ایک نجی ہسپتال منتقل کر دیا گیا تھا اور طویل علالت کے بعد وہ 11 ستمبر 2018 کو لندن میں انتقال کر گئیں

بقیہ 59

پاس ہے۔ اپنے دفتر میں لیگی کارکنوں سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نواز شریف کے ادوار کو پاکستان میں سنہری ادوار کے طور پر یاد کیا جاتا ہے، مسلم لیگ (ن) کے ادوار میں لوگوں کی زندگیوں میں آسودگی تھی، ایک سازش کے تحت نواز شریف کو ہٹا کر پراجیکٹ عمران کو لانچ کرنے کا ناکام تجربہ کیا گیا جس کا خمیازہ آج پوری قوم بھگت رہی ہے

بقیہ 60

میں پارٹی عہدوں پر تعیناتیوں پر مشاورت ہو جائے گی، الیکشن سے قبل عوامی رابطہ مہم کے لیے حکمت عملی بھی طے کی جائے گی، آصف زرداری کے دورہ لاہور میں پارٹی کنونشن کرانے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔ ذرائع کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ پارٹی قیادت پیپلز پارٹی پنجاب کی کارکردگی پر شدید مایوسی کا شکار ہے کیوں کہ پنجاب سے اہم شخصیات کی پی پی پی میں شمولیت کی امید تھی لیکن الیکشن سے پہلے پیپلز پارٹی کو پنجاب میں اب تک کوئی بڑی کامیابی حاصل نہیں ہوئی، جس کی بنیادی وجہ پنجاب قیادت کی صوبے میں پارٹی فعال کرنے میں ناکامی قرار دی گئی ہے۔ ذرائع سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ پنجاب میں پیپلز پارٹی عہدیداروں کی باہمی چپقلش کا شکار ہے، صوبائی عہدیداروں کے جھگڑوں سے پارٹی متاثر ہو رہی ہے، پنجاب قیادت صوبے میں تاحال پارٹی کا مستقل صدر بھی تلاش نہیں کر سکی، قیادت کی عدم دلچسپی کی وجہ سے پنجاب میں پارٹی کا مستقل صدر مقرر نہیں ہو سکا جب کہ عارضی صدر پی پی پی پنجاب رانا فاروق سعید صوبے میں پارٹی کو فعال کرنے میں ناکام رہے۔

بقیہ 61

سے نقدی ناجائز اسلحہ اور لوٹا ہوا مال مسروقہ بھی برآمد کر لیا ملزمان سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ ایس۔ ایچ۔ او تھانہ صدر اوکاڑہ رائے غلام رسول نے کہا کہ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا عوام پولیس کے تعاون کرے اور معاشرے میں چھپے جرائم پیشہ افراد کی حرکات و سکنات کے بارے میں پولیس کو اطلاع دے اطلاع دینے والے کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا ہم نے مل جل کر معاشرے سے جرم کو ختم کرنے کے لئے اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 62

نے ملک کو معاشی و اقتصادی بحران میں مبتلا کر دیا ہے، جس کی وجہ سے آج پوری قوم کو مہنگائی کا سامنا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی واحد سیاسی جماعت ہے جو پاکستان کو ان مسائل سے نکال سکتی ہے۔ ریاست کے لئے جتنی قربانیاں پیپلز پارٹی نے دی ہیں ان کی کہیں مقابلہ نہیں کیا جا سکتا، پاکستان کے آمدہ عام انتخابات میں پیپلز پارٹی واضح اکثریت سے کامیاب ہوگی اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اگلے وزیراعظم پاکستان ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک کی معاشی و اقتصادی صورتحال کے باعث سیاسی صورتحال بھی تسلی بخش نہیں ہے ہر فرد افراتفری کا شکار ہے۔ مہنگائی کا جن بے قابو ہو گیا ہے، جس نے غریب لوگوں کی کمر توڑ دی ہے۔ پاکستان کے معاشی حالات اس نہج پر پہنچانے میں سابق ناتجربہ کار وزیراعظم اور پی ٹی آئی حکومت کی ذمہ دار ہے جس نے معاشی پالیسی کا جنازہ نکال دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان و آزاد کشمیر میں سونا اگلتی زرعی زمینیں، قیمتی معدنیات، پانی کے وسیع ذخائر اور چاروں موسم ہیں۔ قوم کو مایوس ہونے کی ضرورت نہیں ہے خراب معاشی و سیاسی صورتحال سے ملک کو نکالنے کے لیے اس وقت پیپلز پارٹی ہی واحد سیاسی جماعت ہے جو ملک کی بھاگ دوڑ سنبھال کر نظام حکومت کو درست کر سکتی ہے۔ پیپلز پارٹی جمہوری اقدار کی بانی اور جمہوری قوتوں سے ملکر نظام حکومت چلانے کی خواہاں ہے۔ حقیقی جمہوری سسٹم کے نفاذ اور کرپشن فری معاشرہ کا قیام ہی ملک کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک اور قوم کو سیاسی و مضبوط معاشی استحکام کی ضرورت ہے۔ جب تک غریب لوگوں کو ریلیف نہیں ملتا تب تک ملک کے معاشی حالات ٹھیک نہیں ہو سکتے۔ ہمیں بحیثیت ذمہ دار قوم ہر شعبہ کی ترقی کے لیے اپنی صلاحیتوں کا برملا استعمال کرنا ہوگا تب جا کر ریاست کی حیثیت درست سمت کی طرف گامزن ہوگی اور ایک بار پھر وطن عزیز میں ترقی کا پہیہ تیزی سے چلنا شروع ہو جائے گا۔

بقیہ 63

، کارکن عام انتخابات کی تیاری کریں، آئینی طور پر انتخابات 90 دن میں کرائے جائیں، حلقہ بندیوں میں جب نشستیں بڑھ نہیں رہیں تو پھر حلقہ بندیوں میں اتنا وقت کیوں ضائع کیا جا رہا ہے۔ نثار کھوڑو نے مزید کہا آئینی مدت میں انتخابات ہوں اور عوام کی منتخب حکومت وجود میں آئے، ایم کیو ایم اور جی ڈی اے روزگار کے خلاف ہیں، لوگوں کے روزگار پر لات مارنا عوام دشمنی ہے، نگران حکومت بھی مہنگائی پر قابو پانے میں ناکام ثابت ہوئی ہے، عمران حکومت کے آئی ایم ایف سے معاہدے کی خلاف ورزی کی وجہ سے ملک کی معیشت پر بوجھ پڑا۔

بقیہ 64

ریلیف پلان آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کر دیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت کو آئی ایم ایف کی جانب سے گرین سگنل کا انتظار ہے۔

بقیہ 65

کرتے ہوئے انیق احمد کا کہنا تھا کہ آج ملک کے حالات پریشان کن ہیں، ہمیں بہت سارے چیلنجز کا سامنا ہے، ہمیں ثقافتی مسائل درپیش ہیں، علمائے کرام اور طلبہ نے قوم کو مایوسی سے نکالنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مدارس اہم کام کر رہے ہیں، ہمیں ان پر ناز ہے، انہی مدارس نے دینی علم کو محفوظ کر رکھا ہے، سپین میں اگر مدارس قائم ہو جاتے وہ سلوک نہ ہوتا جو آج ہوا، 100 سال بعد ہم نہیں ہوں گے لیکن قرآن سے رہنمائی کی روشنی ملتی رہے گی۔ نگران وزیر کا کہنا تھا کہ ہمیں کچھ خارجی چیلنجز کا بھی سامنا ہے، ہمیں آئے کچھ ہی دن ہوئے تھے کہ 16 اگست کو جڑانوالہ کا واقعہ ہو جاتا ہے، کچھ لوگ پاکستان کا خوبصورت چہرہ تباہ کرنا چاہتے ہیں، اس خوبصورت ریاست کو مودی کا ہندوستان نہیں بننے دیں گے۔ انیق احمد نے مزید کہا کہ علمائے کرام دنیا کو بتائیں ہم پرامن ملک ہیں، دہشت گردی سے نفرت کرتے ہیں، یہ 23 کروڑ عوام کی بھی ذمہ داری ہے، نظریاتی سرحدوں کی ذمہ داری بھی ہم سب پر ہے، ہم نے پاکستان کے جید علما کو دعوت دی ہے، ان سے معیشت سمیت دیگر اہم مضامین پر بات ہوگی۔

بقیہ 66

چہلم امام حسین کے موقع پر طلب کی گئی ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ گلگت بلتستان بھر میں اس وقت تمام سڑکیں، تجارتی مراکز، تعلیمی ادارے معمول کے مطابق کھلے ہیں، صرف چہلم کی سکیورٹی اور صورتحال کے پیش نظر محکمہ داخلہ نے گلگت بلتستان میں 144 نافذ کر رکھی ہے۔ دوسری جانب محکمہ داخلہ گلگت بلتستان کا کہنا ہے کہ گلگت بلتستان میں صورتحال مکمل طور پر پرامن ہے، تجارتی مراکز، تعلیمی ادارے معمول کے مطابق کھلے ہیں۔

بقیہ 67

سندھ میں بڑی کارروائیوں کی تیاری کر رہے ہیں، آج کل میں نئے افسران آ جائیں گے جس کے بعد آپریشن ہوگا، ہم پیشہ ور اور باکردار اچھے لوگوں کو لگا رہے ہیں جس کے بعد سندھ میں امن آ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی اور اندرون سندھ کو امن کا گہوارہ بنائیں گے، پورے سندھ میں کارروائیاں ہوں گی، گھوٹکی، کشمور، جیکب آباد، کندھ کوٹ میں آپریشن کی مکمل تیاری کر لی ہے، کچے اور پکے میں سب جگہ آپریشن ہوگا، ہم کسی کے خلاف سیاسی انتقامی کارروائی نہیں کر رہے، اگر کسی کے خلاف نیب یا دیگر کیسز ہیں تو ان کے خلاف کارروائی ہو رہی ہے۔

ترقیاتی فنڈز منجمد کرنا غیر قانونی ہے، پیپلز پارٹی کا چیف الیکشن کمشنر کو خط

پیپلز پارٹی نے چیف الیکشن کمشنر کو لکھے گئے خط میں مزید کہا ہمارے بازار بند ہیں، بجلی کے بل جلائے جارہے ہیں

ترقیاتی فنڈز کے ذریعے سولر پینل اور گھر فراہم کئے جارہے تھے، 20لاکھ میں سے 50ہزار گھر تین ماہ کے عرصے میں تعمیر کئے گئے

کراچی(نامہ نگار) پیپلز پارٹی نے چیف الیکشن کمشنر کو خط لکھ دیا جس میں کہا گیا ترقیاتی فنڈز منجمد کرنا غیر قانونی ہے۔ پیپلز پارٹی نے خط میں لکھا جاری ترقیاتی فنڈز کے ذریعے سولر پینل اور گھر فراہم کئے جا رہے تھے، 20لاکھ میں سے 50ہزار گھر تین ماہ کے عرصے میں تعمیر کئے گئے۔ پیپلز پارٹی نے چیف الیکشن کمشنر کو لکھے گئے خط میں مزید کہا ہمارے بازار بند ہیں، بجلی کے بل جلائے جارہے ہیں۔ پیپلز پارٹی نے چیف الیکشن کمشنر کو خط لکھ دیا جس میں کہا گیا ترقیاتی فنڈز منجمد کرنا غیر قانونی ہے۔ پیپلز پارٹی نے خط میں لکھا جاری ترقیاتی فنڈز کے ذریعے سولر پینل اور گھر فراہم کئے جا رہے تھے، 20لاکھ میں سے 50ہزار گھر تین ماہ کے عرصے میں تعمیر کئے گئے۔ پیپلز پارٹی نے چیف الیکشن کمشنر کو لکھے گئے خط میں مزید کہا ہمارے بازار بند ہیں، بجلی کے بل جلائے جارہے ہیں۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF PAKISTAN

کراچی: ترقیاتی فنڈز منجمد کرنا غیر قانونی ہے، پیپلز پارٹی کا چیف الیکشن کمشنر کو خط

فائرنگ سے شہری کے جاں بحق اور پولیس کانسٹیبل کے زخمی ہونے کا معاملہ

موقعہ سے زخمی حالت میں فرار ایک ڈاکو کی نعش مل گئی دوسرے ڈاکو کی تلاش جاری

واقعہ میں ملوث دوسرے ملزم کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا، سی پی او

راولپنڈی(جنرل رپورٹر) لیاقت باغ کے قریب ملزمان کی فائرنگ سے شہری کے جاں بحق اور پولیس کانسٹیبل کے زخمی ہونے کا معاملہ، موقعہ سے زخمی حالت میں فرار ایک ڈاکو کی نعش مل گئی دوسرے ڈاکو کی تلاش جاری۔ تفصیلات کے مطابق پولیس کو اطلاع ملی کہ گوالمنڈی پل کے نیچے ایک شخص زخمی حالت میں موجود ہے، پولیس موقعہ پر پہنچی تو پل کے نیچے ایک نعش موجود تھی جس سے گزشتہ رات شہری سے چھینا گیا موبائل اور پرس برآمد ہوا، گزشتہ رات واردات کے دوران فائرنگ کے واقعہ میں(بقیہ نمبر 32)

واپڈا امردان نے پٹرول کی عدم فراہمی کے باعث فیلڈ آپریشن معطل کردیا

مردان(نیوز رپورٹر)واپڈا امردان میں پٹرول کی عدم فراہمی کے باعث سرکاری گاڑیاں کھڑی ہوگئی جس کی وجہ سے فیلڈ آپریشن معطل ہوگیا۔ سرکل چیئرمین زبیر خان نے نجی ٹی وی کو بتایا کہ واپڈا کی سرکاری گاڑیوں کو فنانس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے تیل نہ ملنے کی وجہ سے ملازمین نے گاڑیاں ریجنل آفس میں کھڑی کردیں۔ چیئرمین زبیر (بقیہ نمبر 37)

محتسب پنجاب کے حکم پر ریٹائرڈ ملازم کو25لاکھ 24ہزار 832روپے کے واجبات کی ادائیگی

لاہور(جنرل رپورٹر) محتسب پنجاب میجر (ر)اعظم سلیمان خان کے حکم پر ریٹائرڈ سرکاری ملازم کی دادرسی کرتے ہوئے اس کی پنشن کے 25لاکھ 24 ہزار 832روپے کے واجبات کی ادائیگی کردی گئی۔ درخواست گزار نے شکایت درج کرائی تھی کہ وہ محکمہ مال سے اپنی مدت ملازمت پوری کر کے ریٹائر ہوا ہے لیکن تاحال اسے اپنی پنشن کے واجبات سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ محتسب پنجاب میجر(ر)اعظم سلیمان خان نے ڈپٹی کمشنر بہاولپور کو ہدایات جاری کیں کہ شکایت کنندہ کے واجبات کی(بقیہ نمبر 40)

غریبوں کیلئے سائیکل خریدنا بھی خواب بن گیا، قیمتوں میں 100 فیصد اضافہ

9 ہزار میں ملنے والی مقامی سائیکل کی قیمت 19 ہزار روپے تک پہنچ چکی ہے

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) غریبوں کیلئے سائیکل خریدنا بھی خواب بن گیا، گزشتہ 15 ماہ کے دوران سائیکلوں کے نرخوں میں سو فیصد تک اضافہ ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق موٹر سائیکلوں کی قیمتوں میں اضافے کے بعد سائیکلوں کے نرخ بھی آسمان سے باتیں کرنے لگے ہیں، گزشتہ ڈیڑھ سال کے دوران سائیکلوں کی قیمتوں میں 100 فیصد تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ 9 ہزار میں ملنے والی مقامی سائیکل کی قیمت 19 ہزار روپے تک پہنچ چکی ہے، 10 ہزار میں ملنے والی درآمد شدہ سائیکل کی(بقیہ نمبر 38)

حالات بہتری کی طرف لے کر جانے پڑیں گے، شیخ رشید احمد

پکڑ دھکڑ وقت ضائع کرے گی اور نفرت کو بڑھائے گی، سابق وزیر داخلہ

بات چیت کی ضرورت ہے اور بات چیت سے ہی حل نکلے گا، سربراہ عوامی مسلم لیگ کی تجویز

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ڈنڈا مسائل کا حل نہیں رہا، پکڑ دھکڑ وقت ضائع کرے گی اور نفرت کو بڑھائے گی، حالات بہتری کی طرف لے کر جانے پڑیں گے، بات چیت کی ضرورت ہے اور بات چیت سے ہی حل نکلے گا۔ تفصیلات کے مطابق سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ 13 پارٹیاں اور اُس کے لیڈر عوام کو معاشی عذاب میں ڈال کر خود بھاگ گئے ہیں اور ملبہ نگران حکومت پر ڈال رہے ہیں، ایک لندن دوسرا دبئی تیسرا سعودی عرب چلا گیا ہے اور عوام بیچارے سڑکوں پر دھکے کھا رہے ہیں، کل کی شٹر ڈاؤن ہڑتال نے ثابت کیا ہے کہ کاروباری طبقہ بھی مسائل کے شکنجے میں آگیا ہے، 48 گھنٹے میں بجلی میں ریلیف دینے کی بات کی گئی تھی لیکن ایک ہفتہ گزر جانے کے بعد بھی کوئی نتیجہ نہیں نکلا۔ سابق وزیر داخلہ کہتے ہیں کہ ڈنڈا مسائل کا حل نہیں رہا حالات بہتری کی طرف لے کر جانے پڑیں گے کیوں کہ پکڑ دھکڑ وقت ضائع کرے گی اور(بقیہ نمبر 39)

پاک فضائیہ کے جے ایف 17- تھنڈر طیاروں کی مصر میں بین الاقوامی فضائی مشق کے تصویری مناظر

پاک فضائیہ کے JF/17 تھنڈر طیاروں کی مصر میں بین الاقوامی فضائی مشق برائٹ اسٹار 2023 میں شرکت

مصر میں بین الاقوامی فضائی مشق "برائٹ اسٹار "2023 کا مصر کے محمد نجیب ملٹری بیس میں آغاز ہو گیا ہے

پاک فضائیہ کے دستے میں شامل جے ایف 17- تھنڈر لڑاکا طیارے اور ہنرمند ایئر وگراؤنڈ عملہ اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے گا

اسلام آباد(خصوصی خبر نگار) بین الاقوامی فضائی مشق "برائٹ اسٹار "2023 کا مصر کے محمد نجیب ملٹری بیس میں آغاز ہو گیا ہے۔ مشق میں حصہ لینے والے پاک فضائیہ کے دستے میں شامل جے ایف 17- تھنڈر لڑاکا طیارے اور ہنرمند ایئر وگراؤنڈ عملہ اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے گا۔ سنہ 1977 کے کیمپ ڈیوڈ معاہدے کے نتیجے میں امریکہ اور مصر کے درمیان دو طرفہ تربیتی پروگرام کے طور پر شروع ہونے والی برائٹ سٹار آج ایک اہم بین الاقوامی مشق کی حیثیت سے جانی جاتی ہے۔ بعدازاں 1995 سے دنیا بھر سے مختلف ممالک کو اس مشق میں شرکت کے لیئے مدعو کیا جانے لگا جس نے اس مشق کو عالمی سطح پر منعقد کی جانے والی سب سے بڑی اور سب سے پیچیدہ مشترکہ فضائی مشقوں میں سے ایک بنا دیا ہے۔ اس مشق کا مقصد شریک ممالک کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ مشترکہ تربیت کے بہترین مواقع فراہم کرنا ہے۔ حقیقت پسندانہ فضائی جنگ کی صورتحال کی سیمولیشن کے لیے ڈیزائن کی گئی، فضائی مشق برائٹ سٹار، شریک ممالک کی فضائی افواج کو اپنی حقیقی آپریشنل تیاریوں کو جانچنے کا ایک انمول موقع فراہم کرتی ہے۔ دو ہفتوں پر محیط اس مشق کے دوران شریک ممالک مصر کے شمال مغربی علاقے، قاہرہ کے صحرائی خطہ میں اپنے فضائی، بحری اور بری اثاثوں کے ساتھ حصہ لیں گے(بقیہ نمبر 49)

فیصل آباد، فراڈیے کاروبار کا جھانسہ دیکر 4 تاجروں سے سوادو کروڑ روپے لیکر رفو چکر ہوگئے

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فراڈیے کاروبار کا جھانسہ دیکر 4 تاجروں سے سوادو کروڑ روپے لیکر رفو چکر ہوگئے' بدلے میں چیک دیئے جو کہ کیش نہ ہو سکے، پولیس نے مقدمات درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے دھنولہ کے رہائشی کاشی انٹر پرائز کے مالک کاشف سعید نے بتایا کہ اس نے ملزم عثمان کو بطور اکاؤنٹنٹ رکھا ہوا تھا جس نے(بقیہ نمبر 52)

بجلی وتیل کی قیمتوں میں اضافہ کے خلاف نجی سکول کے بچوں سے احتجاج کرانے پر سی ای او ایجوکیشن کا انکوائری کا حکم

بورے والا(نیوز رپورٹر) بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کے خلاف نجی سکول کے بچوں نے احتجاج کیا، معصوم بچوں کو(بقیہ نمبر53)

چیئرمین پی ٹی آئی نے ملک کو معاشی واقتصادی بحران میں مبتلا کیا، عامر عبدالغفار لون

مظفر آباد(نیوز رپورٹر) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کے وزیر حکومت عامر عبدالغفار لون نے کہا ہے کہ پاکستان اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے جو تا قیامت قائم و دائم رہے گی۔ گزشتہ دور حکومت میں چیئرمین پی ٹی آئی (بقیہ نمبر62)

پاکستان سیاحت کے لیا اہم مرکز سمجھا جاتا ہے، محکمہ سیاحت کے پی کے

لیکن گرمیوں میں عوامی رجحان خیبر پختونخوا کی طرف زیادہ سامنے آتا ہے

پشاور(خصوصی رپورٹر) یوں تو پورا پاکستان ہی سیاحت کے لیے ایک اہم مرکز سمجھا جاتا ہے لیکن گرمیوں میں لوگوں کا زیادہ رجحان خیبر پختونخوا کی طرف زیادہ سامنے آتا ہے جہاں مئی سے ستمبر تک کا موسم سیاحوں کے لیے انتہائی موزوں سمجھا جاتا ہے، اب حکومت اور نجی شعبہ دونوں ملک کے شمالی علاقوں میں روایتی سیاحتی مقامات سے ہٹ کرنے اور اب تک کے غیر معروف مقامات(بقیہ نمبر 50)

سٹی ٹریفک پولیس گوجرخان کی DSP ملک اظہر کی زیر نگرانی گزشتہ ماہ کی کارکردگی

23 سو چالان کر کے 7لاکھ روپے قومی خزانے میں جمع جبکہ 10 ہزار لرننگ جاری

میں اور میرا اسٹاف ہر وقت آپکی خدمت کے لیے کوشاں ہیں ڈی ایس پی ٹریفک

گوجرخان(قمر شہزاد) سی ٹی او راولپنڈی کے احکامات پر ڈی ایس پی ٹریفک صدر سرکل ملک اظہر کی زیر نگرانی سٹی ٹریفک وارڈن پولیس نے انسپکٹرز شاہد عمران، اور وسیم کی سربراہی میں گزشتہ ماہ چھوٹی بڑی گاڑیوں، رکشوں، موٹر سائیکلوں کے 23 سو سے زائد چالان کر کے تقریبا 7لاکھ کے قریب جرمانے کی رقم قومی خزانے میں جمع کروائی تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی ٹریفک صدر سرکل ملک اظہر کی زیر نگرانی سٹی ٹریفک وارڈن پولیس گوجرخان کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری جسکے مطابق انسپکٹرز شاہد عمران، اور وسیم کی سربراہی میں وارڈنز آفیسر ریڈر ڈی ایس پی ٹریفک فیصل بشیر ڈی او محمد اشفاق، ثاقب، جبران، ریحان، مرزا جواد، آصف، انجم، امتنان وغیرہ نے گوجرخان شہر میں ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے والی گاڑیوں، بدون نمبر رکشوں موٹر سائیکلوں اوور لوڈنگ اور نو پارکنگ اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے گاڑی مالکان کو 23 سو سے زائد چالان کر کے تقریبا 7لاکھ روپے قومی خزانے میں(بقیہ نمبر 51)

گوجرخان: سٹی ٹریفک پولیس گوجرخان کی DSP ملک اظہر کی زیر نگرانی گزشتہ ماہ کی کارکردگی رپورٹ کی جارہی ہے

پیپلز پارٹی ن لیگ سمیت کسی جماعت سے الیکشن اتحاد نہیں کرے گی، نثار کھوڑو

پیپلز پارٹی اپنے پلیٹ فارم پر عام انتخابات لڑے گی، آئین کے ہوتے ہوئے ملک میں صدارتی نظام نہیں آسکتا

اگر آئین کو توڑنے کی ہمت ہے تو پھر صدارتی نظام لا کر دکھائیں، ہر الیکشن می پیپلز پارٹی مخالف اتحاد بنتے رہے ہیں

آئینی طور پر انتخابات 90دن میں کرائے جائیں، حلقہ بندیوں میں جب نشستیں بڑھ نہیں رہیں تو پھر حلقہ بندیوں میں اتنا وقت کیوں ضائع کیا جارہا ہے ٹھٹھہ(سٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو نے کہا پیپلز پارٹی ن لیگ سمیت کسی جماعت سے الیکشن اتحاد نہیں کرے گی۔ نثار کھوڑو نے ٹھٹھہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا پیپلز پارٹی اپنے پلیٹ فارم پر عام انتخابات لڑے گی، آئین کے ہوتے ہوئے ملک میں صدارتی نظام نہیں آسکتا، اگر آئین کو توڑنے کی ہمت ہے تو پھر صدارتی نظام لا کر دکھائیں، ہر الیکشن می پیپلز پارٹی مخالف اتحاد بنتے رہے ہیں۔ پی پی سندھ کے صدر نے مزید کہا مخالفین کا اتحاد ہی انتخابات سے قبل شکست کا اعتراف ہے، نگران حکومت دو سال حکومت کرنے کا سوچے بھی نہیں ورنہ عوام کا سخت ردعمل آئے گا، نگران حکومت لمبہ عرصہ حکومت نہیں کرسکتی یہ عمل غیر آئینی ہوگا۔ نثار کھوڑو نے کہا پیپلز پارٹی احتساب کے خلاف نہیں ہے، اگر کسی پر مقدمہ ہے تو عدالت میں ثابت کیا جائے(بقیہ نمبر 63)

مری: ن لیگ کی چیف آرگنائزر مریم نواز سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم ملاقات کررہے ہیں

راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی

16 ملزمان گرفتار، 105لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کیا جارہا ہے، ایس ایس پی آپریشنز

راولپنڈی(کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی، 16 ملزمان گرفتار، 105 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم مصعو احمد سے 10لیٹر شراب، ملزم حسن الرحمان سے 07لیٹر شراب، ملزم شیراز گل سے 06لیٹر شراب، ملزم طالب سے 06لیٹر شراب، ملزم عثمان سے 06لیٹر شراب، ملزم مطیع اللہ سے 06لیٹر شراب، سول لائن پولیس نے ملزم نوید سے 10لیٹر شراب، کلر سیداں پولیس نے ملزم شاہ رخ سے 10 (بقیہ نمبر 33)

مخلوق خدا کے خدمت کرنے والے لوگ قابل تعریف ہیں، آصف قریشی

ڈاکٹر طاہر القادری نے ہمیشہ محبت، اخوت اور خدمت انسانیت کا درس دیا، مظہر الحق

470افراد کا مفت معائنہ، 34 مریضوں کو آپریشن کیلئے لیٹرز جاری کئے گئے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن پی پی 14 کے زیر اہتمام ایک روزہ فری آئی کیمپ گزشتہ روز صبح نو تا چار بجے سہ پہر توحید انٹرنیشنل سکول سسٹم پیپلز کالونی گلی نمبر 2 میں منعقد ہوا کیمپ کا افتتاح پرنسپل آصف قریشی، مظہر الحق، مطلوب قریشی، سہیل عباسی، حاجی ظہیر الزمان، علامہ معصب عباسی، راجہ راحیل، عارف اعوان، رضوان خان، امجد عباسی، زین علی اور دیگر نے کیا، الشفاء ٹرسٹ آئی ہسپتال کے ڈاکٹرز نے 470 مریضوں کا مفت معائنہ کیا اور ادویات دیں جبکہ آنکھ کے پیچیدہ امراض میں مبتلا 34 مریضوں کو آپریشن کیلئے لیٹرز بھی جاری کئے گئے کیمپ میں ارزاں نرخوں پر نظر کے چشمے بھی مہیاء تھے، منہاج ویمن لیگ کی راہنماء ڈاکٹر سعدیہ عارف اعوان نے آنکھ کے علاوہ دیگر امراض بارے خواتین کو مشورے دیئے، مصطفوی سٹوڈنٹس موومنٹ کے رضا کاروں صغیر علی، زین احمد، امجد عباسی اور مرزا شعیب نے کیمپ کے انتظامی امور کو احسن انداز میں نبھایا۔ مہمان خصوصی آصف(بقیہ نمبر 36)

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اسکینڈل سے متعلق جوڈیشل ٹریبونل کی تحقیقات مکمل

بہاولپور(سٹی رپورٹر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے اسکینڈل سے متعلق جوڈیشل ٹریبونل نے اپنی تحقیقات مکمل کرلیں۔ جوڈیشل ٹریبونل نے اسکینڈل کی تحقیقات اور یونیورسٹی امور کی نگرانی کے لیے 3 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی۔ خواتین ٹیچرز نے پولیس رویے کے خلاف جوڈیشل ٹریبونل کے جج سے شکایت کی تھی اور ان کا کہنا تھا جوڈیشل ٹریبونل کا نام استعمال کر کے ان کا موبائل ڈیٹا چیک کیا گیا اسی حوالے(بقیہ نمبر41)

پانچ سالہ بچہ نہر میں ڈوب کر جاں بحق ریسکیو 1122 نے نعش تلاش کر کے ورثا کے حوالے کردی

اوکاڑہ(جنرل رپورٹر) پانچ سالہ بچہ نہر کنارے کھیل رہا تھا پاؤں پھسلنے سے بچہ نہر میں گر کر ڈوب گیا۔ اڈا کسان 25 ٹو ایل اور 24 ٹو ایل کے درمیان سے گزرنے والی نو ایل نہر پر واقعہ پیش آیا اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیمیں فائر وہیکل اور ایک ایمبولنس لے کر موقع پر پہنچ گئی ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے اپریشن شروع کر دیا ریسکو 1122 ٹیموں کے تحویل اپریشن کے بعد لاش کو برآمد (بقیہ نمبر 42)

چینی کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

ملک کے مختلف شہروں میں فی کلو200 روپے میں فروخت ہونے لگی

کراچی (نیوز رپورٹر) ملک میں چینی کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی' مختلف شہروں میں فی کلو 200 روپے میں فروخت ہونے لگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ملک بھر میں چینی کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے اور صوبہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں چینی 200 روپے کلو میں فروخت ہو رہی ہے، جہاں 50 کلو چینی کا تھیلا 10 ہزار 500 کا ہو چکا ہے بتایا گیا ہے کہ صوبہ سندھ کے شہر سکھر میں بھی چینی ڈبل سنچری کو کراس کر چکی ہے، کراچی میں چینی کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے اور ہول سیل مارکیٹ میں چینی کی قیمت 178 روپے کلو اور ریٹیل مارکیٹ میں 185 روپے کلو(بقیہ نمبر 46)

بلوچستان کے ضلع نوشکی میں افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا ہے

ریسکیو حکام کے مطابق 2 گاڑیوں میں تصادم سے کے بعد آگ بھڑک اٹھی

حادثے کے نتیجے میں گاڑیوں میں سوار 4 افراد جھلس کر جاں بحق ہو گئے

نوشکی(نیوز رپورٹر) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق 2 گاڑیوں میں تصادم سے کے بعد آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں گاڑیوں میں سوار 4 افراد جھلس کر جاں بحق ہو گئے۔ لاشوں کو ٹیچنگ اسپتال نوشکی منتقل کر دیا گیا۔ دوسری جانب آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد کے نواحی علاقے میں گزشتہ رات بارش کے دوران کار حادثہ کا شکار ہوکر دریائے نیلم میں جا گری۔ حکام کے مطابق کار مظفر آباد سے گاؤں جھینگ جارہی تھی کہ رات کے وقت شدید بارش کے دوران پھسلن کے باعث سیکڑوں فٹ نیچے دریائے نیلم میں جا گری، جس کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے 4 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا۔ حکام کے مطابق کار مظفرآباد سے گاؤں جھینگ (بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں

راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لارہی ہے

راولپنڈی(کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، سی پی او اور راولپنڈی سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سٹی (بقیہ نمبر 55)

مردان، گھریلو تنازع پر نواسے کی فائرنگ سے نانی اور ماموں سمیت 4افراد جاں بحق

مردان(نیوز رپورٹر) مردان کے علاقے بارہوتی میں گھریلو تنازعے پر مبینہ طور پر ملزم نے فائرنگ کر کے اپنی ہی نانی، ماموں اور ممانی سمیت 4 سالہ کزن کو قتل کر دیا۔ پولیس حکام کے مطابق واردات کے بعد ملزم کی لاش بھی ملی ہے تاہم ابھی معلوم نہیں ہو سکا کہ ملزم نے خودکشی کی یا اسے مارا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تحقیقات کے مطابق (بقیہ نمبر 54)

پیپلز پارٹی کا انتخابات سے قبل تمام تر توجہ پنجاب پر مرکوز کرنے کا فیصلہ

آصف زرداری لاہور میں پارٹی رہنماؤں اور عہدے داروں سے ملاقاتیں کریں گے

لاہور(جنرل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی نے انتخابات سے قبل تمام تر توجہ صوبہ پنجاب پر مرکوز کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ میڈیا کی رپورٹ کے مطابق آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو جلد لاہور کا دورہ کریں گے، اس دوران پاکستان پیپلز پارٹی کی سی ای سی کا اجلاس لاہور میں منعقد کیا جائے گا، جس کا مقصد پنجاب میں پارٹی فعال کرنا ہے، اجلاس کا فیصلہ صوبائی قیادت کی ناکامی پر کیا گیا۔ ذرائع کہتے ہیں کہ آصف علی زرداری لاہور میں پارٹی رہنماؤں اور عہدے داروں سے ملاقاتیں کریں گے، جن میں صوبے (بقیہ نمبر 60)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

کراچی، کورنگی زمان ٹاؤن میں پلاسٹک کے گودام میں لگی آگ پر قابو پالیا گیا

کراچی (نیوز رپورٹر) کراچی کے علاقے کورنگی زمان ٹاؤن میں پلاسٹک کے گودام میں لگی آگ پر قابو پالیا گیا۔ فائر بریگیڈ کی پانچ گاڑیوں نے ڈیڑھ گھنٹے میں آگ پر قابو پالیا۔ فائر افسر کورنگی سٹیشن ظفر خان نے کہا کہ کولنگ کا عمل جاری ہے، گودام میں کپڑا اور پلاسٹک موجود تھا، آگ کے باعث گودام میں موجود سامان جل کر خاکستر(بقیہ نمبر 35)

کراچی، عمارت کے باہر سے نومولود کی لاش برآمد، ماں زیر حراست

کراچی(نیوز رپورٹر) کراچی کے علاقے لیاقت آباد 4 نمبر میں عمارت کے باہر سے نومولود کی لاش ملی جس کے بعد بچی کی ماں کو حراست میں لے لیا گیا۔ پولیس کے مطابق خاتون کا(بقیہ نمبر 45)

پشین، جرائم پیشہ افراد نے تحصیل ہیڈ کوارٹر حرمزئی کے قریب 4 زرعی فارمز کو آگ لگادی

پشین(نیوز رپورٹر) جرائم پیشہ افراد نے پشین میں تحصیل ہیڈ کوارٹر حرمزئی کے قریب 4 زرعی فارمز کو آگ بھی لگا دی جس سے مختلف دیہات میں کھڑی فصلوں اور پھل دار باغات کو شدید نقصان پہنچا ہے، آگ لگانے کے واقعات سے زرعی فارمنگ سسٹم ناکارہ بن گئے۔ لیویز حکام نے زراعت اور فارمنگ کو نقصان پہنچانے کے الزام میں(بقیہ نمبر 47)

02 ستمبر 1965 کے دن ہونے والے فضاء معرکے پر مبنی پاک فضائیہ کی مختصر دستاویزی فلم جاری

اسلام آباد(ستاف رپورٹر) پاک فضائیہ کے شعبہ تعلقات عامہ نے ستمبر 1965 کی جنگ کی مناسبت سے پاک فضائیہ کے سپوتوں کی جرات و بہادری پر بننے والی مختصر ڈاکومنٹری جاری کر دی جس میں 02 ستمبر 1965 کے دن ہونے والے فضائی معرکے کا احوال بیان کیا گیا ہے۔(ترجمان پاک فضائیہ)۔

مسلم لیگ (ن) خوشحال پاکستان کی ضامن جماعت ہے' میاں حسیب امجد

لاہور(نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما میاں حسیب امجد نے کہا ہے کہ نواز شریف کے ہوتے ہوئے قوم کو مایوس اور ناامید ہونے کی ضرورت نہیں، مسلم لیگ (ن) خوشحال پاکستان کی ضامن جماعت ہے، پاکستان کو روشن مستقبل کی جانب گامزن کرنے کا ہنر صرف نواز شریف کے(بقیہ نمبر59)

پولیس تھانہ صدر اوکاڑہ نے کارروائی کرتے ہوئے تین رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کرلیا

اوکاڑہ(نیوز رپورٹر) پولیس تھانہ صدر اوکاڑہ نے کارروائی کرتے ہوئے تین رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا ملزمان کی شناخت مدثر، محمد خاں اور غلام عباس کے ناموں سے ہوئی ہے ملزمان پولیس کو متعدد مقدمات میں مطلوب تھے ملزمان کے قبضے(بقیہ نمبر 61)

پیپلز پارٹی کی کرپٹ پالیسیوں کے سبب عوام کو فوری سہولت نہیں مل رہیں، امین الحق

سید امین الحق نے کہا جو وعدہ ایم کیو ایم پاکستان نے الیکشن کے وقت کیا تھا آج میڈیکل سینٹر کا افتتاح کر کے پورا کر دیا

ایم کیو ایم پاکستان نے ہی دیا، مولوی عبدالحق گرلز سکول میں سٹیٹ آف دی آرٹ لیبارٹری سے اورنگی کے عوام مستفید ہو رہے ہیں

کراچی(جنرل رپورٹر) سابق وفاقی وزیر سید امین الحق نے کہا پیپلز پارٹی کی کرپٹ پالیسیوں کی وجہ سے عوام کو فوری سہولیات نہیں مل رہیں۔ سید امین الحق نے کہا جو وعدہ ایم کیو ایم پاکستان نے الیکشن کے وقت کیا تھا آج میڈیکل سینٹر کا افتتاح کر کے پورا کر دیا، اورنگی کی عوام کیلئے اورنگی میڈیکل سینٹر، ایمبولنس سروس اور میت بس سروس قائم کر دی، پیپلز پارٹی کی کرپٹ پالیسیوں کے سبب اورنگی کی عوام کو فوری سہولیات میسر نہیں مل رہیں، اورنگی ٹاؤن میں تعلیم، پانی اور روڈ کے سسٹم کو ایم کیو ایم نے ترجیحی بنیادوں پر حل کیا ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا اورنگی ٹاؤن کی عوام کو ورچوئل یونیورسٹی کا تحفہ ایم کیو ایم پاکستان نے ہی دیا، مولوی عبدالحق گرلز سکول میں سٹیٹ آف دی آرٹ لیبارٹری سے اورنگی کے عوام مستفید ہو رہے ہیں، اورنگی ٹاؤن میں چھاپوں اور گرفتاریوں(بقیہ نمبر 31)

WELCOME TO
All Respected Guests to the
Ceremony of Academic Staff Association

کوئٹہ، وائس چانسلر یونیورسٹی آف بلوچستان ڈاکٹر شفیق الرحمن اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن یونیورسٹی آف بلوچستان کی نومنتخب کابینہ کی تقریب حلف برداری سے خطاب کررہے ہیں

قیمتیں بڑھنے کی وجہ سے پٹرولیم مصنوعات کی کھپت میں نمایاں کمی

برقی مشینری اور آلات کی درآمد میں بھی جولائی کے دوران سالانہ بنیاد پر 28فیصد کمی دیکھی گئی

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) قیمتوں میں مسلسل اضافے کی وجہ سے پٹرولیم مصنوعات کی کھپت میں نمایاں کمی ہوگئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی کھپت میں رواں مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 7فیصد کی کمی دیکھی گئی ہے، جولائی اور اگست کے ماہ میں ملک میں 2.76 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی کھپت ریکارڈ کی گئی جب کہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے دوران پٹرولیم مصنوعات کی کھپت اس سے 7 فیصد زیادہ تھی۔ دارہ برائے شماریات کے اعداد و شمار (بقیہ نمبر 34)

PTI چیئرمین سے ملاقات کے بعد وکلا کے بیانات این آر او کی بھیک ہیں، حافظ حمد اللہ

وکلا کے بقول پی ٹی آئی چیئرمین بات چیت کرنا چاہتے ہیں، اس سے اب کلیئر ہوگیا کہ وہ این آر او چاہتے ہیں ہے

اب سمجھ آ گئی ہوگی کہ بشری بی بی کیوں دوست ملک کی اہم شخصیت سمیت مختلف لوگوں سے ڈیل کیلئے ملاقاتیں کرتی رہی ہیں

پشاور(نامہ نگار) جے یو آئی) ف (کے رہنما اور ترجمان پی ڈی ایم حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ چیئرمین تحریک انصاف سے ملاقات کے بعد وکلا کے اٹک جیل کے باہر بیانات این آر او کی بھیک ہیں۔ اپنے ایک بیان میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ) پی ڈی ایم(کے ترجمان حافظ حمد اللہ نے کہا کہ وکلا کے بقول پی ٹی آئی چیئرمین بات چیت کرنا چاہتے ہیں، اس سے اب کلیئر ہوگیا کہ وہ این آر او چاہتے ہیں ہے جس کیلئے پیغامات دے رہے ہیں۔ حافظ حمد اللہ کا مزید کہنا تھا کہ اب سمجھ آ گئی ہوگی کہ بشری بی بی کیوں دوست ملک کی اہم شخصیت سمیت مختلف لوگوں سے ڈیل کیلئے ملاقاتیں کرتی رہی ہیں۔ حافظ حمد اللہ کا(بقیہ نمبر 43)

پشاور: چیئرمین پی ٹی آئی سے ملاقات کے بعد وکلا کے بیانات این آر او کی بھیک ہیں، حافظ حمد اللہ

ایل اے 13 استور ون میں ضمنی انتخاب کیلئے پولنگ 9 ستمبر کو ہوگی

ن لیگ کے رانا فرمان علی، پی پی پی کے عبدالحمید خان اور پی ٹی آئی کے خورشید احمد خان میدان میں ہیں

گلگت (یو این پی) گلگت بلتستان کے ایل اے 13 استور ون میں ضمنی انتخاب کے لیے پولنگ 9 ستمبر کو ہوگی۔ ایل اے 13 استور ون کی نشست سابق وزیر اعلیٰ خالد خورشید کے جعلی ڈگری کیس میں نااہل ہونے پر خالی ہوئی تھی۔ اس نشست کے لئے اب مسلم لیگ ن کے رانا فرمان علی، پیپلز پارٹی کے عبدالحمید خان اور پی ٹی آئی کے خورشید احمد خان میدان میں ہیں۔ ان کے علاوہ (بقیہ نمبر 44)

کراچی: وزیر تعلیم مددالی سندھی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

جڑانوالہ میں قرآن پاک کی بے حرمتی اور توہین رسالت کے واقعہ کا ڈراپ سین

علمائے کرام اور سول سوسائٹی نے بہترین انداز میں اپنا کردار ادا کیا، سانحہ جڑانوالہ میں جے آئی ٹی بنائی گئی

ملزم پرویز کوڈو کو شبہ تھا کہ توہین قرآن کے مقدمہ کے مرکزی ملزم راجہ عمیر کے اس کی بیوی سے تعلقات ہیں، پولیس

جڑانوالہ(خصوصی رپورٹر) فیصل آباد کی تحصیل جڑانوالہ میں قرآن پاک کی بے حرمتی اور توہین رسالت کے واقعہ کا ڈراپ سین ہوگیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان سے تفتیش کے دوران انکشاف ہوا ہے کہ دو مسیحی افراد کی ذاتی رنجش واقعہ کی وجہ بنی، گرفتار ملزم پرویز کوڈو نے بیوی سے تعلقات کے شبہ پر رقیب کو پھنسانے کیلئے ہولناک منصوبہ تیار کیا۔ پولیس کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ ملزم پرویز کوڈو کو شبہ تھا کہ توہین قرآن کے مقدمہ کے مرکزی ملزم راجہ عمیر کے اس کی بیوی سے تعلقات ہیں، پرویز عرف کوڈو نے عمیر عرف راجہ کو مارنے کے لیے ایک شخص اللہ دتہ کو رقم اور موٹر سائیکل دی، اللہ دتہ نے منصوبہ پر عملدرآمد نہ کیا جس پر پرویز کوڈو نے راجہ عمیر کو پھنسانے کیلئے توہین قرآن کی گھاؤنی سازش کی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ راجہ عمیر کو قتل کرنے کے لیے پرویز کوڈو سے رقم وصول کرنے والا اللہ دتہ زیر حراست ہے، پرویز کوڈو کی نشاندہی پر قرآن پاک کے اوراق کو گلی میں لٹکانے والی رسی بھی برآمد(بقیہ نمبر56)

برقی مشینری اور آلات کی درآمد میں جولائی کے دوران سالانہ بنیاد پر 28 فیصد کمی ہوئی، ادارہ شماریات

فیصل آباد(اسپیشل رپورٹر) برقی مشینری اور آلات کی درآمد میں جولائی کے دوران سالانہ بنیاد پر 28فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ برائے شماریات کے اعداد وشمار کے مطابق جولائی(بقیہ نمبر 57)

کراچی: پیپلز پارٹی کے سابق وزرا کیخلاف سازش کے تحت پراپیگنڈا مہم چلائی جارہی، ناصر حسین شاہ

بجلی کے زائد بلوں کیخلاف احتجاج کے پیشِ نظر پیسکو کو سکیورٹی فراہم کردی گئی

پیسکو کے تمام فیڈرز پر پولیس کی اضافی نفری تعینات کر دی گئی، پولیس حکام

واضح رہے کہ بجلی کے بلوں پر عوامی ردِعمل کے پیشِ نظر پیسکو نے پولیس سے سکیورٹی مانگی تھی

پشاور(جنرل رپورٹر) بجلی کے بھاری بلوں کے خلاف احتجاج کے پیشِ نظر پولیس نے پشاور الیکٹرک سپلائی کمپنی (پیسکو) کو سکیورٹی فراہم کردی۔ خیبر پختون خوا کے آئی جی نے پشاور اور خیبر سرکل میں پیسکو کو سکیورٹی فراہم کرنے کے احکامات دیئے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ پیسکو کے تمام فیڈرز پر پولیس کی اضافی نفری تعینات کردی گئی ہے، اس حوالے سے ایس ایس پی آپریشنز پشاور نے تمام متعلقہ ایس پیز کو تحریری ہدایات جاری کر دیں۔ حکام نے کہا ہے کہ پیسکو کے دفاتر کی سکیورٹی کی نگرانی متعلقہ ایس پیز خود کریں گے۔ واضح رہے کہ بجلی کے بلوں پر عوامی ردِعمل کے پیشِ نظر پیسکو نے پولیس سے سکیورٹی مانگی تھی۔

بیگم کلثوم نواز کی پانچویں برسی 11 ستمبر کو منائی جائے گی

بیگم کلثوم نواز نے یکم جولائی 1950ء کو اندورن لاہور کے کشمیری گھرانے میں آنکھ کھولی

لاہور(جنرل رپورٹر) سابق وزیر اعظم اور مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف کی اہلیہ سابق خاتون اول بیگم کلثوم نواز کی پانچویں برسی 11 ستمبر کو منائی جائے گی۔ بیگم کلثوم نواز نے یکم جولائی 1950ء کو اندورن لاہور کے کشمیری گھرانے میں آنکھ کھولی، انہوں نے اعلی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپریل 1971ء میں نواز شریف کے ساتھ ازدواجی زندگی کا آغاز کیا، بیگم کلثوم نواز (بقیہ نمبر 58)